Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi

ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے
قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک

روزنامہ اتفاق نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: فیض الحسن

رجسٹرڈ نمبر MC-1432

dailyittefaqnews1@gmail.com

website : www.ittefaqnews.com

جلد نمبر 14 | جمعتہ المبارک 03 جنوری 2025ء، 02 رجب المرجب 1446ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 216

عمران خان: کارکنان کی رہائی تک کوئی پیشکش قبول نہیں

مذاکرات کے دوران اڈیالہ جیل منتقلی کی پیشکش ہوئی جسے کارکنان کی رہائی سے مشروط کردیا، طاقت کے ذریعے پارٹی کو دبایا نہیں جاسکتا، بانی پاکستان تحریک انصاف

پہلے والے توشہ خانہ کیس کی سزا معطل ہوچکی ہے اور توقع ہے کہ موجودہ کیسز کا فیصلہ بھی اسی طرح ہوگا، فیصل چوہدری، یہ فیصلے عدلیہ پر دباؤ ظاہر کرتے ہیں، خالد خورشید

اسلام آباد (بیور و رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ تمام کارکنان کو جیلوں سے رہا کیا جائے تو پھروہ بنی گالہ منتقلی کی آفر پر سوچیں گے۔اس بات کا انکشاف بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ثالثی کے ذریعے تنازعات کے جلد حل کا موقع ملتا ہے، جسٹس منصور

ثالثی کا مستحکم اور قابل پیش گوئی تنازعات کے حل کا نظام سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دیتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ کا اے ڈی آر کی اہمیت سے متعلق تحریری فیصلہ جاری کردیا گیا، جس میں انہوں نے ثالثی کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

توشہ خانہ ٹو کیس: وکلا صفائی کو گواہ پر جرح کا آخری موقع

راولپنڈی (بیور و رپورٹ) احتساب عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

19 لوگوں کیلئے معافی کا اعلان بڑی پیشرفت نہیں، بیرسٹر گوہر

بنیادی طور پر 67 لوگ تھے جن میں سے صرف 19 لوگوں کو معافی ملی ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ میں 19 لوگوں کے لیے معافی کے اعلان کو کوئی بڑی پیشرفت نہیں سمجھتا۔ پارلیمنٹ ہاؤس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اپیکس کمیٹی کے 11ویں اجلاس میں ایس آئی ایف سی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شہباز شریف: دہشت گردوں کو کچلے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے

معاشی ترقی کا انحصار سیاسی استحکام اور امن پر منحصر ہے، یہ سال پاکستان کی معاشی ترقی کی نوید ثابت ہوگا، آج پاکستان میں موجود افراط زر 2018 کے بعد کم ترین سطح پر ہے، وزیراعظم

ہمارے پاس سرپلس چینی تھی جسے ہم نے اس لیے ایکسپورٹ کیا کہ اسمگلنگ بند ہوچکی تھی اور چینی ہمارے پاس وافر مقدار میں موجود تھی، اسی طرح آئل کی اسمگلنگ بھی کم ہوئی، اپیکس کمیٹی سے خطاب

اسلام آباد (بیور و رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کا انحصار سیاسی استحکام اور امن کے قیام پر منحصر ہے، دہشت گردوں کو کچلے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ یہ بات انہوں نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی اپیکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، اعلی سول و عسکری حکام، چاروں وزرائے اعلی، وزیر اعلی گلگت بلتستان اور وزیراعظم آزاد کشمیر اور وفاقی وزرانے شرکت کی۔ اجلاس میں سرمایہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

وفاقی وزیر: کے پی آپریشن صوبائی حکومت کی مرضی کیخلاف نہیں ہوگا

صوبے کے چیف ایگزیکٹو وزیراعلی ہیں، صوبے کے کہنے پر ہی فوج آتی ہے، صوبائی صدر مسلم لیگ ن امیر مقام کی گفتگو

پی ٹی آئی کے بانی کے کیسز سنگین نوعیت کے ہیں جن کا فیصلہ عدالتوں کے ذریعے ہوگا نہ کہ مذاکراتی کمیٹی کے ذریعے، عدلیہ آزاد ہے

پشاور (بیور و رپورٹ) وفاقی وزیر برائے گلگت بلتستان اور کشمیر امور امیر مقام نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن صوبائی حکومت کی مرضی کی خلاف نہیں ہوگا، آپریشن کرنا یا فوج کو بلانا صوبائی حکومت کے اختیار میں ہے جبکہ بانی چیرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی رہائی کسی کمیٹی کے اختیار میں نہیں بلکہ عدالت کے ذریعے ہوگی۔ پشاور پریس کلب میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیرامور کشمیر امیر مقام نے کہا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کی ذمہ داری مرکز سمیت صوبے اور اداروں کو مل کر پوری کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے چیف ایگزیکٹو وزیراعلی ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، وزیرخارجہ ونائب وزیراعظم اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

سانحہ 9 مئی کے 19 مجرموں کی سزائیں معاف کرنیکا اعلان

سزاؤں پر عمل درآمد کے دوران مجرموں نے قانونی حق استعمال کرتے ہوئے رحم اور معافی کی پٹیشنز دائر کیں، آئی ایس پی آر

48 پٹیشنز کو قانونی کارروائی کیلئے کورٹس آف اپیل میں نظر ثانی کیلئے ارسال، 19 مجرمان کی پٹیشنز منظور کی گئیں

راولپنڈی (بیور و رپورٹ) سانحہ 9 مئی کے 19 مجرموں کی سزاں میں معافی کا اعلان کردیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق سانحہ 9 مئی کی سزاں پر عمل درآمد کے دوران مجرموں نے قانونی حق استعمال کرتے ہوئے رحم اور معافی کی پٹیشنز دائر کیں، مجموعی طور پر 67 مجرموں نے رحم کی پٹیشنز دائر کیں۔ بیان کے مطابق 48 پٹیشنز کو قانونی کارروائی کے لیے کورٹس آف اپیل میں نظر ثانی کے لیے ارسال کیا گیا، 19 مجرمان کی پٹیشنز کو خالصتا انسانی بنیادوں پر قانون کے مطابق منظور کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ دائر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

PTI نے تحریری مطالبات پیش کرنے کیلئے مہلت مانگ لی

پاکستان تحریک انصاف سے مذاکرات میں دہشت گردی، معیشت سمیت دیگر اہم معاملات بھی حل نکالیں گے، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

امید کرتا ہوں کہ مذاکراتی کمیٹی میں شریک فریقین مذاکرات کو مثبت انداز میں چلائیں گے، مذاکراتی کمیٹی میں شرکاء کا خیر مقدم، افتتاحی کلمات ادا کیے

اسلام آباد (بیور و رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت حکومت اور اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی کا دوسرا اجلاس اختتام پذیر ہوگیا۔ اجلاس کی اندرونی کہانی کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی نے مذاکراتی کمیٹی میں شریک سرکا کا خیر مقدم کیا جبکہ آغاز پر افتتاحی کلمات بھی ادا کیے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہماری مذاکراتی کمیٹی کا دوسرا اجلاس ہے، پہلی میٹنگ میں ہمارے کچھ ساتھی موجود نہیں تھے، پہلی مذاکراتی کمیٹی بہت اچھے اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی تھی، پہلی کمیٹی کے اجلاس میں زیر بحث آنے والے امور پر عملدرآمد کیا گیا ہے۔ ایاز صادق نے کہا کہ میرا کردار بطور ایک سہولت کار ہے، امید کرتا ہوں کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسحاق ڈار: 40 ہزار TTP کے لوگوں کو پاکستان لایا گیا

چائے کے کپ پر فیصلہ کیا گیا

پاکستان کی سفارتی تنہائی ختم ہوگئی ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، الیکشن کے بعد مسلم لیگ ن کو عوام نے مینڈیٹ دیا، نائب وزیراعظم

کس نے چائے کے پیالے پر ان کے بارڈرز کھلوائے اور کس نے ٹی ٹی پی کے افراد کو آزاد کیا؟ کوئی اس ملک میں ہے جو احتساب کرے یا؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ ایک چائے کے کپ پر سخت فیصلے کیے گئے جس کی وجہ سے 35 سے 40 ہزار ٹی ٹی پی کے لوگ پاکستان داخل ہوئے۔ دفتر خارجہ میں ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی تنہائی ختم ہوگئی جبکہ ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024 ہمارے لیے اہم سال تھا، الیکشن کے بعد مسلم لیگ ن کو عوام نے مینڈیٹ دیا، ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

شیر افضل: بانی کے وکلاء کی بھاری فیس علی امین ادا کرتے ہیں

عمران خان کے ایک دن جیل میں رہنے پر حکومت کے لاکھوں روپے کا خرچ آتا ہے، رہنما پی ٹی آئی

وکلا کی فیس کی مد میں گزشتہ ایک ماہ میں 7 کروڑ روپے علی امین خان نے ادا کیے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے بانی پی ٹی آئی کے جیل میں رہنے پر اخراجات کے حوالے سے میڈیا کے نمائندوں سے بات کی ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے ایک دن جیل میں رہنے پر حکومت کے لاکھوں روپے کا خرچ آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی مرضی سے وکلا کیسز لڑتے ہیں، وکلا کے کیسز لڑنے کی فیسیں ہوتی ہیں مگر کروڑوں روپے کی ان فیسوں کو میں جسٹیفائی نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی، ٹریفک پولیس کے زیرتربیت سیکشن افسران اور ریکارڈ کیپرز کی خصوصی تربیت کے سلسلے میں افسران واہلکاروں کو پریکٹیکلی ٹریننگ کیلئے پی آئی ڈی چوک پر گروپ فوٹو

تاوان کیس، ریٹائرڈ میجر سمیت 2 ملزمان کو عمر قید کی سزا

تاجر کے اغوا اور مجموعی طور پر ایک کروڑ 60 لاکھ روپے تاوان وصول کرنے کے جرم میں سزا سنائی گئی

کراچی (کورٹ رپورٹر) کراچی میں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے تاجر کے اغوا اور مجموعی طور پر ایک کروڑ 60 لاکھ روپے تاوان وصول کرنے کے جرم میں ریٹائرڈ میجر سمیت 2 ملزمان کو عمر قید کی سزا سنادی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کی انسداد دہشت گردی عدالت نمبر 16 کے جج نے ضمانت پر موجود ملزمان میجر (ر) نوازش اکبر اور نوید خان کو 2006 میں ضلع ملیر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ٹریفک پولیس کے زیرتربیت سیکشن افسران اور ریکارڈ کیپرز کی خصوصی تربیت

افسران واہلکاروں کو پریکٹیکلی ٹریننگ کیلئے پی آئی ڈی چوک پر افسران کی نگرانی میں ٹریننگ سیشن کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹریفک پولیس کے زیر تربیت سیکشن افسران اور ریکارڈ کیپرز کی خصوصی تربیت کے سلسلے میں افسران واہلکاروں کو پریکٹیکلی ٹریننگ کے لئے پی آئی ڈی چوک پر افسران کی نگرانی میں ٹریننگ سیشن کا انعقاد جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ فیض اللہ کوریجو کی خصوصی ہدایت پر ٹریفک ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سعید اباد کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کورنگی انڈسٹریل ایریا میں لوٹ مار کے دوران 3 افراد زخمی

زخمیوں کی شناخت 23 سالہ زاہد، 28 سالہ سید رضا عباس اور 45 سالہ زاہد سے ہوئی

کراچی (کرائم رپورٹر) کورنگی انڈسٹریل ایریا اور اور اورنگی ٹاؤن میں ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی واردات کے دوران فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی انڈسٹریل ایریا کے علاقے بلال چورنگی پر نجی کمپنی کے قریب فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا، زخمی ہونے والے شخص کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

جدہ جانے والے مسافر سے ایک کلو سے زائد ہیروئن برآمد

منشیات بڑی مہارت سے سامان میں سوپ کی پیکنگ میں چھپا رکھی تھی، ترجمان ASF

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر سے ایک کلو سے زائد ہیروئن برآمد کرلی۔ ترجمان ائیرپورٹ سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) نے کراچی ائیرپورٹ پر اے ایس ایف کے عملے نے کراچی سے جدہ کی پرواز کے مسافر امجد علی کے سامان میں منشیات کی موجودگی کی نشاندہی کی۔ منشیات بڑی مہارت سے سامان میں سوپ کی پیکنگ میں چھپا رکھی تھی۔ اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

بھینس کالونی کمبیلے والی گلی میں ڈکیتی مزاحمت پر ایک شخص ہلاک

سکھن پولیس جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے، علاقہ مکینوں کی اتفاق نیوز سے گفتگو

کراچی (نمائندہ اتفاق نیوز) ملیر کے علاقے سکھن تھانے کی حدود بھینس کالونی روڈ نمبر 10 کمبیلے والی گلی میں ڈکیتی مزاحمت پر ایک شخص ہلاک۔ ہلاک ہونے والے شخص کی شناخت اطہر علی ولد علی نواز سے ہوئی علاقہ مکینوں نے اتفاق نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سکھن پولیس جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے۔

شرمیلا فاروقی: PTI کی کال پر انٹرنیٹ بند ہوجاتا ہے کیا ہم بیوقوف ہیں؟

جہاں ضرورت ہو وہاں سرویلنس کرنی پڑتی ہے، انٹرنیٹ کے ایشوز تھے مگر اب نہیں ہیں، وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ کا جواب

حکومت کہتی ہے کہ سب ٹھیک ہے تو کیا ہم اور عوام جھوٹ بول رہے ہیں؟ شرمیلا فاروقی شزہ فاطمہ کے جوابات پر برہم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی میں انٹرنیٹ سلو ہونے کے معاملے پر شرمیلا فاروقی شزہ فاطمہ پر برہم ہوگئیں اور کہا کہ جیسے ہی پی ٹی آئی کال دیتی ہے انٹرنیٹ بند ہوجاتا ہے، حکومت کہتی ہے سب ٹھیک ہے تو کیا ای کامرس ادارے، ہم اور عوام جھوٹ بول رہے ہیں؟ ایکسپریس نیوز کے مطابق قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا اجلاس چیئرمین قائمہ کمیٹی و وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں انٹرنیٹ کی سست روی کے معاملے پر بحث ہوئی۔ دوران اجلاس وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ کے بیان پر پیپلز پارٹی کی رکن شرمیلا فاروقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کراچی، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی قائداعظم محمد علی جناح کی 148ویں سالگرہ پر منعقدہ "قائداعظم لیڈرشپ سمٹ" سے خطاب کررہے ہیں



شان رسولؐ کانفرنس کا مقصد آپؐ کی تعلیمات کو عام کرنا ہے، ولید رضا شہیدی

سالانہ شان رسولؐ کانفرنس کی تیاریاں مکمل ہیں، سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنما شرکت کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) طلبا اسلام کراچی کے تحت سالانہ شان رسول کانفرنس کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوچکی ہیں۔ شان رسولؐ کانفرنس کے سلسلے میں مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی اور سرکاری افسران کو دعوت نامے پہنچا دیئے گئے۔۔ مہمانان میں مسلم لیگ ق کے مرکزی رہنما طارق حسن، مذہبی شخصیات صوفی جمیل احمد خانی، مسلم لیگ ن سندھ کے رہنما اسلم خٹک ایڈوکیٹ، کراچی بار ایسوسی ایشن کے صدر عامر وڑائچ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے وکیل منظور احمد راجپوت، ٹان چیئرمن نارتھ ناظم آباد عاطف خان، ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طحہ سلیم و دیگر رہنما شرکت کریں گے۔ سرپرست اعلی صاحبزادہ محمد ولید رضا شہیدی نے کہا کہ شان رسولؐ کانفرنس کی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ اس بار سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے — ڈیڑھ سال میں بہت کچھ کیا ابھی اور مزید بہتری آئیگی — مرتضیٰ وہاب

ہم سب ایک مقصد پر کارفرما ہیں اور بلاول بھٹو کے منشور کے مطابق کام ہوگا، ایک اچھا اور بہتر ہوتا کراچی دنیا کے سامنے پیش کریں گے، میئر کراچی

پی ٹی آئی، ایم کیو ایم، جماعت اسلامی والوں اور ن لیگ والوں سے کہتے ہیں مل کر کام کریں، لیاری کے 9 پمپنگ اسٹیشنز کو بحال کیا گیا' میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ منافقت کو ختم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ نیکی کے کام کریں اور لوگوں کو دکھائیں، ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے، ڈیڑھ سال میں بہت کچھ کیا، ابھی اور مزید بہتری آئے گی۔ ہم بلاول بھٹو کے کام لوگوں کو بتائیں گے، ہم سب ایک مقصد پر کارفرما ہیں اور بلاول بھٹو کے منشور کے مطابق کام ہوگا، ایک اچھا اور بہتر ہوتا کراچی دنیا کے سامنے پیش کریں گے، وزیراعظم سے ڈیڑھ ماہ پہلے ملاقات ہوئی تو کراچی کا مقدمہ سامنے رکھا اور فنڈز دینے کا مطالبہ کیا، پی ٹی آئی، ایم کیو ایم، جماعت اسلامی والوں اور ن لیگ والوں سے کہتے ہیں مل کر کام کریں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

حاجی لیاقت محسود کی وفد کے ہمراہ ایس ایس پی ٹریفک ملیر سے ملاقات

شوکت علی کھٹیان عوام دوست ایس ایس پی ہیں، صدر آل ڈمپر ٹرک ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی ٹریفک ملیر شوکت علی کھٹیان سے آل ڈمپر ٹرک ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی لیاقت محسود کی قیادت میں ضلع ملیر وفد کی ملاقات۔ ملاقات میں ایس ایس پی ٹریفک ملیر تعینات ہونے پر ڈمپر ایسوسی ایشن کی وفد نے مبارکباد پیش کی اور یاد رہیں شوکت علی کھٹیان عوام دوست ایس ایس پی ہے، اس سے قبل انہوں نے 2019 میں ڈسٹرکٹ ویسٹ میں ایک بہادر اور فرض شناس آفیسر کی حیثیت سے اپنی پہچان بنائی تھی۔ آل ڈمپر ٹرک ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کی طرف سے ایس ایس پی ٹریفک ملیر شوکت علی کھٹیان کو پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا۔ اس موقع پر ضلع ملیر صدر ابراہیم محسود جنرل سیکریٹری محمود محسود اور ڈمپر ٹرالر جنرل سیکریٹری نسیم آفریدی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

حکمرانوں نے نئے سال پر نیا بھاشن نیا لولی پوپ تیار کرلیا — بلال سلیم قادری

سندھ حکومت اور شہری حکومت کے عوام سے دعوے اور وعدے پورے نہ ہوسکے' حکمران عوام کے صبر کا ایک بار پھر امتحان لیں گے

ٹوٹی پھوٹی سڑکیں گندگی کا ڈھیر سیوریج کا ناقص انتظام اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سب اپنی جگہ پر قائم ودائم ہے' مرکزی سیکرٹری جنرل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ بلال سلیم قادری شامی نے سال نو پر عوام کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں نے نئے سال پر نیا بھاشن نیا لولی پوپ تیار کرلیا ہے۔ حکمرانوں کی جانب سے ہمیشہ کی طرح نئے سال پر عوام کو ایک بار پھر سہانے خواب دکھائے جائیں گے۔ حکمران عوام کے صبر کا ایک بار پھر امتحان لیں گے۔ نیا سال آ گیا سندھ حکومت اور شہری حکومت کے عوام سے کیے دعوے اور وعدے پورے نہ ہو سکے۔ عوام کو ایک بار پھر مسائل والی چورنگی کے چکر لگانے پر کھڑا کر دیا ہے۔ صوبہ سندھ کی تعمیر و ترقی صرف فائلوں کی حد تک مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اہلسنت والجماعت پاکستان کے مرکزی صدر اورنگزیب فاروقی لسبیلہ چوک پر پریس کانفرنس کررہے ہیں

3 دن سے ہونیوالے عوامی دھرنے موخر کررہا ہوں — علامہ اورنگزیب فاروقی

کسی نے دھرنوں کی آڑ لے کر سیاست کی کوشش کی ہمارا سامنا کرنا ہوگا، معیشت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو ہم اسٹیک ہولڈرز کیساتھ موجود ہیں

اگر کسی نے شہر میں امن برباد کرنے کی سازش کی تو یاد رکھے وہ ہمارا سامنا کرینگے' کرم ایجنسی میں فوجی آپریشن کیا جائے' علامہ رب نواز حنفی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں تین دن سے ہونے والے دھرنے مؤخر کر رہا ہوں اگر کسی نے شہر میں امن برباد کرنے کی سازش کی تو یاد رکھے وہ ہمارا سامنا کریں گے میں مطالبہ کرتا ہوں کراچی سے دھرنا سسٹم ختم کیا جائے ان خیلات کا اظہار اہلسنّت والجماعت کیا اہلسنّت والجماعت پاکستان کے مرکزی صدر علامہ غازی اورنگزیب فاروقی، مناظر اسلام مولانا ربنواز حنفی صاحب، سید محی الدین شاہ الحسینی، ترجمان کراچی عمر معاویہ، مولانا شکیل الرحمن فاروقی، مولانا عبدالرافع شاہ بخاری، امیر فضل خالق، کامران فاروقی، قاری عبدالوھاب، مولانا عادل عمر، مولانا حمید سعدی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

شرکت گاہ بول اٹھو پراجیکٹ تحریک کے تحت پریس کلب میں پروگرام

خواتین کے حوالے سے تقریب کا مقصد خواتین کو با اختیار بنانا، سیاست میں ان کی شمولیت کو فروغ دینا تھا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) شرکت گاہ بول اٹھو پراجیکٹ تحریک کے تحت پریس کلب حیدرآباد میں خواتین کی شمولیت، مضبوط جمہوریت کے عنوان سے ایک پروگرام منعقد ہوا، پروگرام کی آرگنائزر صبا عباسی نے مختلف سیاسی جماعتوں کے منشور پر مبنی ایک جامع پروگرام ترتیب دیا، جس کا مقصد خواتین کو با اختیار بنانا، سیاست میں انکی شمولیت کو فروغ دینا اور انکے کامیاب کردار کو اجاگر کرنا تھا، پروگرام کے مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی میدان میں خواتین کی موجودگی کسی بھی جمہوری معاشرے کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، انکا کہنا تھا کہ خواتین کو قومی اور مقامی سطح کی فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے سے نہ صرف جمہوریت مضبوط ہوتی ہے بلکہ معاشرتی انصاف اور ترقی کے امکانات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم کا ''اڑان پاکستان'' پروگرام ملکی معیشت کو مضبوط بنائیگا — ملک خدا بخش

یہ حقیقت ہے کہ ٹیکس کی شرح اور تعداد کم کرنے سے نہ صرف ریونیو زیادہ ملے گا بلکہ پاکستان کو آگے لے جانے میں مدد مل سکے گی، کنوینز انرجی کمیٹی ایف پی سی سی آئی

اگر ملک کے ادارے اور حکومت مل کر کام کرتے رہیں تو کامیابی توقعات سے بھی پہلے حاصل ہو جاتی ہے' معروف صنعتکار کا جاری بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف پی سی سی آئی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ''انرجی'' کے کنوینز، یونائیٹڈ بزنس گروپ کی مرکزی کور کمیٹی کے ممبر اور پیٹرولیم و سی این جی سیکٹر کے معروف ایکسپرٹ ملک خدا بخش نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اعلان کردہ ملک کی پائیدار ترقی کے حامل پانچ سالہ قومی اقتصادی منصوبے ''اڑان پاکستان'' کی مکمل حمایت کرتے ہوئے اور اس منصوبے کو ملکی معیشت کی ترقی کا ضامن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حقیقت ہے کہ ٹیکس کی شرح اور تعداد کم کرنے سے نہ صرف ریونیو زیادہ ملے گا بلکہ پاکستان کو آگے لے جانے میں مدد مل سکے گی۔ ملک خدا بخش نے اپنے بیان میں کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ملک میں بدامنی اور سندھ ڈاکو راج کے حوالے ہے، کاشف سعید شیخ

وزیراعظم کا قومی اقتصادی پروگرام اڑان پاکستان میثاق معیشت اور سیاسی استحکام سے ہی ممکن ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ نے کہا ہے کہ وزیراعظم کا قومی اقتصادی پروگرام اڑان پاکستان میثاق معیشت اور سیاسی استحکام سے ہی ممکن ہے۔ پورے ملک میں بدامنی اور سندھ ڈاکو راج کے حوالے ہے۔ جماعت اسلامی 12 جنوری کو بدامنی وڈاکو راج کے خاتمے کے لیے سکھر میں کل جماعتی کانفرنس منعقد کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے مرکزی رہنما عنایت عمرانی سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ صوبائی امیر نے شہید بھٹو رہنما کو جماعت اسلامی سندھ کے تحت 12 جنوری کو سکھر میں بدامنی وڈاکو راج کے خلاف ہونے والی کل جماعتی کانفرنس کا دعوت نامہ پیش کیا۔ صوبائی امیر کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ حکومت نے قرضے لینے میں رکارڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب لیاری میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

احتجاجی دھرنوں پر پولیس گردی کی مذمت کرتے ہیں' مختار امامی

پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت مرتضیٰ وہاب کے مسلسل عوام مخالف بیانات کا نوٹس لے

مرتضیٰ وہاب شہر سے ایک کونسلر کی سیٹ نہیں جیت سکتے، ترجمان ایم ڈبلیو ایم کا ردعمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجلس وحدت مسلمین کے ترجمان علامہ مختار امامی نے کہا ہے کہ پر امن پاراچنار احتجاجی دھرنوں پر پولیس گردی کی مذمت کرتے ہیں انہوں نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی قیادت مرتضیٰ وہاب کے مسلسل عوام مخالف بیانات کا نوٹس لے۔ مرتضیٰ وہاب شہر سے ایک کونسلر کی سیٹ نہیں جیت سکتے۔ انہوں نے کہا کہ نمائش دھرنے کے ساتھ ویں روز پیپلز پارٹی کے حکومتی وفد نے ایم ڈبلیو۔ایم رہنماؤں سے ملاقات کی اور ہمارے پرامن احتجاجی دھرنوں کو مثالی قرار دیا۔ پورے شہر میں دھرنے ایک جانب رہے ٹریفک اور کاروبار سمیت زندگی معمول پر رہی۔ انہوں نے کہا پاراچنار کا مسئلہ پشاور میں تو کشمیر اور غزہ کے مسئلے کہاں حل ہونگے۔ پاراچنار دہشتگردی، راستوں کی بندش انسانی المیہ اختیار کرتا جارہا تھا۔ وفاقی وصوبائی حکومت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

کراچی، گورنر انیشیٹیوز کے تحت گورنر ہاؤس میں طلبہ وطالبات آئی ٹی کے جدید کورسز کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر فیض الحسن نے نیو محمدی پرنٹنگ پریس، نمبر 07، اولڈ ریلی بلڈنگ، تالپور روڈ سے چھپوا کر پلاٹ نمبر 193 قاسم آباد لیاقت آباد، کراچی سے شائع کیا۔ آفس نمبر: 03100018168 website : www.ittefaqnews.com, Email : dailyittefaqnews1@gmail.com

Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi

ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تونے
قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک

چیف ایڈیٹر: فیض الحسن

روزنامہ اتفاق نیوز کراچی

www.ittefaqnews.pk

dailyittefaqnews1@gmail.com

معیشت اڑان بھرنے کو تیار

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اڑان پاکستان کا محور برآمدات پر مبنی ترقی ہے، معاشی استحکام آگیا ہے، اب ہمیں گروتھ کی طرف جانا ہے، ایکسپورٹ بڑھانے کے لیے ہمیں کاروبار دوست ماحول بنانا ہوگا۔ پالیسی ریٹ کو مزید نیچے آنا چاہیے، آج بھی میثاق معیشت کے لیے تیار ہیں۔ درحقیقت اعداد و شمار ملکی معیشت میں خاطر خواہ معاشی ترقی اور استحکام کو ظاہر کرتے ہیں جو اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت اور خصوصی سرمایہ کاری کونسل (ایس آئی ایف سی) کی کوششیں رنگ لا رہی ہیں، تاہم بند کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے مزید کوششوں کی ضرورت ہے، جس کے لیے شرح سود اور انرجی ٹیرف سے متعلق اقدامات کرنا ہوں گے۔ بلاشبہ اڑان پاکستان پروگرام کے باقاعدہ آغاز کے بعد اس پر عملدرآمد کے لیے مربوط منصوبے کی ضرورت ہے، تاکہ جامع پالیسی سازی کی جانب جایا جائے جو ملک کا مستقبل کا تعین کرے۔ اس کے لیے حکومت کو ایک فریم ورک پر عمل کرنا ہوگا جس میں وسائل کی دستیابی، وزارتوں کا آپس میں مل کر کام کرنا، انسٹیوٹ اور ملازمین کی ٹریننگ دینا، بیوروکریسی کو ٹیکنالوجی اور دیگر اسکل سیٹ دینا ضروری ہے۔ اس تناظر میں منصوبے میں دی گئی ترجیحات پر عمل کیا جانا چاہیے۔ ...

[illegible]

... معیشت کی شرح سود گھٹ کر جون 2025 تک مزید کم ہو کر 9 فیصد یعنی سنگل ڈیجٹ میں آجانی چاہیے۔ ان شرحوں کو حاصل کرنے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مسلسل تعاون کی ضرورت ہوگی۔ ... پاکستان کا کریڈٹ لوئی ڈی پی کا تناسب کم ہے ... جن پر عمل درآمد ہو رہا ہے۔ پاکستان میں شرح سود کے فوائد میں جی ڈی پی کی ترقی میں تیزی، ملازمتوں کی تخلیق، سرمایہ کاری میں اضافہ، معیار زندگی میں بہتری اور مسابقت میں اضافہ شامل ہے۔ مہنگائی کی شرح 38 فیصد سے کم ہو کر پانچ فیصد پر آگئی ہے۔

آخر اس کی کوئی وجہ تو ہوگی

تحریر: ذوالفقار احمد چیمہ

قارئین جانتے ہیں کہ میری وفاداری، محبت اور عقیدت کا مرکز صرف اور صرف پاکستان ہے، میرے پیشِ نظر کسی پارٹی یا کسی فرد کا نہیں صرف پاکستان کا مفاد ہوتا ہے اور وہی میری تعریف یا تنقید کا پیمانہ بنتا ہے۔ قارئین یہ بھی اچھی طرح جانتے ہیں کہ اس ملک کے ظاہری اور اصلی حکمرانوں کی غلط پالیسیوں اور غلط کاموں پر بھی میں تنقید کرتا رہتا ہوں۔

مگر جب ملک کی سلامتی کی بات آجائے تو پھر ہر قسم کے اختلافات اور اعتراضات کو فراموش کر کے ملک کے لیے جانیں قربان کرنے والوں کے ساتھ کھڑا ہونا فرض بن جاتا ہے۔ ... فوج یا دیگر سیکورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، وہ صرف وطن کی حفاظت کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنی جانیں قربان کر دیتے ہیں۔

ہم نے افغانستان میں امریکی شکست اور طالبان کی فتح پر خوشی کا اظہار کیا تھا ... کام کی تھکے تھے، مگر وہ کوئی عارضی ثابت ہوئی کیونکہ طالبان کے آنے کے بعد پاکستان پھر دہشت گردی کا شکار ہوگیا ہے۔ اور وہاں سے عسکریت پسند پاکستان میں آئے روز کارروائیاں کرتے اور ہماری فوج اور پولیس کے جوانوں کو شہید کر کے افغانستان چلے جاتے ہیں۔ 2014 کے آپریشن کے بعد جو عسکری گروہ افغانستان بھاگ گئے تھے، انھوں نے پھر سے پاکستان کی سرزمین میں دہشت گردی کا بازار گرم کر رکھا ہے اور افغانستان کی طالبان حکومت ان کی مکمل سرپرستی کر رہی ہے۔

چند روز پہلے جن دہشت گردوں نے 16 فوجی جوانوں کو شہید کیا، ان کا پیچھا کرتے ہوئے ان کے ٹھکانوں کو ... افغانستان کے اندر ...

[illegible]

... کیا پاکستان کا کوئی سابق وزیراعظم ایسا بیان دے سکتا ہے؟ ایسے بیان تو صرف دشمن ملک کے لیڈر دیتے ہیں۔ ملک دشمنی اور کسے کہتے ہیں؟ ہندوستان میں کوئی لیڈر اپنی ایئرفورس کے خلاف ایسا بیان دیتا تو پوری قوم اس کے خلاف ہوجاتی اور اس کا سیاسی کیریئر ختم ہوجاتا۔ مگر پاکستان کے لیڈر احسان فراموش اور عوام بے حس ہیں۔ پی ٹی آئی کے دوستوں سے ملاقات ہوتی ...

[illegible]

... اس کا مطلب تو یہ ہوگا، اس کا مطلب تو وہ ہوگا۔ وغیرہ وغیرہ۔

اگر کوئی شخص اپنے لیڈر کے کسی بہت غلط اور شرمناک قول یا فعل کو غلط کہنے کے بجائے اس کا ...

[illegible]

... اور غزہ میں معصوم بچوں کا قتلِ عام کرنے والا اسرائیل اور امریکا میں ساری صیہونی لابی جس کی کھل کر حمایت کر رہی ہے۔

آخر ایسا کیوں ہے؟ تمام باخبر لوگ جانتے ہیں کہ اسرائیل مڈل ایسٹ کو فتح کر چکا۔ اب اس کا اگلا ٹارگٹ ایران اور پھر پاکستان کے ایٹمی اثاثے ہیں، ان اہداف کو حاصل کرنے کے خواہش مند بانی پی ٹی آئی کی کھل کر حمایت کر رہے ہیں اور اسے اقتدار میں لانا چاہتے ہیں۔

آخر کس لیے؟ اس لابی کو بانی پی ٹی آئی سے کس قسم کی توقعات ہیں؟ خان کے ساتھیوں نے یورپ اور امریکا میں اس لابی کو کس قسم کی گارنٹیاں دی ہیں، کہ وہ اسے رہا کرانے اور اقتدار دلانے کے لیے میدان میں اتر آئے ہیں۔ امریکا کے دوسری بار منتخب ہونے والے صدر نے ابھی حلف نہیں اٹھایا مگر اس کے مقرر کردہ مشیر تمام تر سفارتی آداب کو روندتے ہوئے صبح و شام بانی پی ٹی آئی کے حق میں بیان دے رہے ہیں۔

کیا وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی پر تڑپ اٹھے ہیں یا پاکستان میں جمہوریت کو کمزور ہوتے دیکھ کر ان کو دل کے دورے پڑ رہے ہیں۔ ایسا نہیں ہے کیونکہ بانی پی ٹی آئی کے تمام حمایتی وہ ہیں کہ فلسطین کے اڑتالیس ہزار بے گناہ مسلمانوں کے قتلِ عام پر جن کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔

یہ سب وہ ہیں کہ غزہ کے بیس ہزار معصوم بچوں کے قتل پر جن کی زبانیں گنگ ہوگئیں اور ان کے منہ سے معصوم اور مقدس فرشتوں کی ہمدردی میں ایک لفظ نہیں نکلا بلکہ انھوں نے معصوم بچوں اور اسپتالوں پر بمباری روکنے والی قرارداد بھی پاس نہ ہونے دی اور بمباری کے لیے مزید بم اور بارود مہیا کرتے رہے۔

جمہوریت سے ان کی ذرا سی بھی وابستگی ہوتی تو وہ مشرقِ وسطیٰ میں بادشاہوں کی سرپرستی نہ کر رہے ہوتے اور مصر میں عوام کے منتخب جمہوری صدر کو فوج کے ذریعے ہٹوا کر وہاں ایک بے رحم آمر کو مسلط نہ کرتے۔ کیا ملک کے اندر اور باہر رہنے والے پی ٹی آئی کے سپورٹرز نے سوچا ہے کہ امریکا میں تو فری لنچ کا کوئی تصور نہیں ہے۔ وہ تو سودے بازی کرتے ہیں، وہ پاکستان میں کسی سیاسی لیڈر کو اقتدار دلا کر اس سے کیا کام لینا چاہتے ہیں؟

ظاہر ہے وہی کام جس کے لیے کبھی کوئی عسکری یا سویلین وزیراعظم تیار نہیں ہوا اور کسی کمزور سے حکمران نے بھی سمجھوتہ نہیں کیا وہ ہے ہماری بقا اور سلامتی کے ضامن۔ ہمارے ایٹمی اثاثے اگر ان کی طرف سے حمایتیوں کو گارنٹیاں نہیں دی گئیں تو بانی پی ٹی آئی جو جیل میں بیٹھ کر پاک فضائیہ کی مذمت کر سکتا ہے، دوٹوک انداز میں آج تک کیوں نہیں کہہ سکا کہ ہم اپنے ایٹمی اثاثوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

ہر ایشو پر بیان جاری کرنے والے بانی پی ٹی آئی نے آج تک پچاس ہزار معصوم بے گناہ فلسطینیوں کو شہید کرنے والے اسرائیل کی کھل کر مذمت کیوں نہیں کی؟ آخر اس کی کوئی وجہ تو ہوگی۔ اسرائیل کے سب حمایتی بانی پی ٹی آئی کی حمایت کر رہے ہیں، آخر اس کی کوئی وجہ تو ہوگی! پاکستان کے ایٹمی اثاثوں پر تڑپنے والا رچرڈ گرینیل بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے بھی اتنی ہی شدت سے تڑپ رہا ہے۔ آخر اس کی کوئی وجہ تو ہوگی !!

☆☆☆☆☆☆☆☆

غرناطہ میں کرسمس

تحریر: جاوید چوہدری

ہماری 24 دسمبر کی صبح اسپین کے شہر مالگا کے لیے فلائیٹ تھی یہ فلائیٹ بھی دروازے تک پیک تھی ہم نے مالگا سے غرناطہ جانا تھا مالگا اسپین کے صوبے اندلس کا ایئرپورٹ سٹی ہے یہ شہر 711 میں مورش مسلمان نے آباد کیا تھا اور ان کے زمانے میں یہ مالقا کہلاتا تھا اسپین میں اسلام اور مسلمانوں کو 711 میں طارق بن زیاد لے کر آیا بعدازاں 750 میں شام میں بنوامیہ کے زوال کے بعد اموی شہزادہ عبدالرحمٰن اول جان بچاتا ہوا اندلس پہنچا قرطبہ شہر آباد کیا اور یورپ میں مسلم ریاست کی بنیاد رکھ دی۔

بعدازاں 1492 تک ساڑھے سات سو سال فرانس کے شہر طلوس اور اسپین کے شہر بارسلونا تک مسلمانوں کی حکومت رہی آج کا پرتگال بھی اس ریاست کا حصہ تھا اس زمانے میں قرطبہ اشبیلا (آج سویا) اور غرناطہ مسلمانوں کے بڑے اور جدید شہر ہوتے تھے میڈرڈ بھی مسلمانوں نے آباد کیا تھا اس کا عربی نام میدرد تھا اسپین کے لوگ آج بھی اسے میدرد کہتے ہیں مورسیا شہر میں بھی مسلمان آباد تھے ابن عربی کی پیدائش مورسیا میں ہوئی تھی قرطبہ اپنے زمانے کا جدید ترین شہر تھا اس شہر نے دنیا کو ٹائی اور سوٹ بھی دیا سوپ بھی پیراشوٹ بھی اور کرسٹل کے برتنوں کی صنعت بھی ان تمام ایجادات کے پیچھے زریاب قرطبی کا جینئس دماغ تھا۔

یہ خلیفہ کے دربار سے وابستہ تھا اس نے شاہی ملازمین کے لیے سوٹ اور ٹائی ایجاد کی بادشاہ کے لیے سوپ بنوایا اور اسے ڈنر کے لیے لازم قرار دے دیا اور اس نے پوری دنیا سے شیشے کے ماہر کاری گر قرطبہ جمع کیے اور ان سے کرسٹل کے برتن بنوائے وہ سمجھتا تھا انسان اپنے بازوؤں کے ساتھ پر باندھ کر آسانی سے اڑ سکتا ہے چناں چہ اس نے پیراشوٹ بنوائے اور لوگوں کو پہنا کر انھیں میناروں سے نیچے پھینک دیا اور لوگ بحفاظت نیچے اتر آئے یہ پیراشوٹ کی ابتدا تھی شاید یہ زریاب قرطبی کی روایت کا احترام ہے کہ آج یورپ میں سب سے زیادہ پیرا گلائیڈنگ قرطبہ اور غرناطہ میں ہوتی ہے مسلمانوں نے شام مراکو اور اسپین کا آرکی ٹیکچر ملا کر نئے انداز تعمیر کی بنیاد بھی رکھی یہ طرز تعمیر مورش کہلاتا ہے یورپ کے عیسائی اس زمانے کے مسلمانوں کو مور کہتے تھے۔

اس کی وجہ بہت دل چسپ تھی اس زمانے میں مراکو تیونس الجزائر مالی نائیجر اور لیبیا مل کر ایک ملک تھا اور وہ موریطانیہ کہلاتا تھا موریطانیہ کے لوگوں کو مور کہا جاتا تھا یہ لوگ کیوں کہ فیض طنجہ اور تیونس سے آئے تھے اور ان کی اکثریت بربر اور عربوں پر مشتمل تھی چناں چہ مقامی لوگ انھیں مور کہنے لگے ان موروں نے بعدازاں یورپ میں موریش طرز تعمیر متعارف کرایا اس زمانے میں شہروں کی گلیاں پکی ہوتی تھیں پتھر اور چونے کا کام زیادہ کیا جاتا تھا گھروں کی بیرونی دیواریں سپاٹ اور ٹھوس ہوتی تھیں اور ان کا رنگ مٹیالہ ہوتا تھا گھر کی کوئی کھڑکی گلی کی طرف نہیں کھلتی تھی تمام دروازے اور کھڑکیاں صحن میں کھلتی تھیں دروازے لکڑی کے ہوتے تھے یا لوہے سے بنتے تھے یہ گھر باہر سے سادے اور عاجز محسوس ہوتے تھے۔

آپ جوں ہی گھر میں داخل ہوتے تھے تو آپ کا جی خوش ہو جاتا تھا صحن میں سنگ مرمر کا فوارہ ہوتا تھا اس کے دائیں بائیں مالٹے کے درخت انگور کی بیلیں اور بوگن بیل ہوتی تھی اور ان کے درمیان تخت اور میزیں لگی ہوتی تھیں ہر گھر کے صحن میں پانی کی آواز اور مالٹے کے پھولوں اور پھلوں کی خوشبو ہوتی تھی یہ طرز تعمیر مراکو میں آج بھی زندہ ہے مراکشی لوگ ایسے گھروں کو ریاد کہتے ہیں۔

سویا قرطبہ اور غرناطہ میں ہزاروں ریاد ہیں اور ہر گھر آپ کا دل کھینچ لیتا ہے مسلمانوں کے دور میں سویا مسلمانوں کا علمی قرطبہ روحانی اور غرناطہ فنی مرکز ہوتا تھا سویا میں دنیا کی سب سے بڑی کتابوں کی منڈی لگتی تھی اور باقاعدہ بولی دے کر کتابیں خریدی اور بیچی جاتی تھیں ایک وقت میں شہر میں ڈیڑھ لاکھ کتابیں تھیں اور یہ سب قلمی نسخے تھے قرطبہ کی مسجد اپنی طرز تعمیر سے دنیا بھر کی مسجدوں کو شرما دیتی تھی جب کہ مدارس میں ابن رشد اور ابن عربی جیسے مشاہیر درس و تدریس کرتے تھے جب کہ غرناطہ کا الحمرا اور گلیاں پورے عالم کو احساس کمتری میں مبتلا کر دیتی تھیں۔

ہم نے کرسمس کی رات اور دسمبر کا آخری ہفتہ غرناطہ میں گزارنے کا فیصلہ کیا اور یوں 24 دسمبر کی شام مالگا پہنچ گئے مالگا ایئرپورٹ درمیانے سائز کا ہے لیکن اس کے باوجود اس پر 42 کنویئر بیلٹس ہیں آپ اس سے ایئرپورٹ کی مصروفیت کا اندازہ کر لیجیے جب کہ ہمارے اسلام آباد ایئرپورٹ پر صرف سات کنویئر بیلٹس ہیں آپ دونوں کا فرق خود دیکھ لیجیے ہمیں سہیل مقصود لینے آئے تھے یہ میرے عزیز دوست اور سکھ دکھ کے ساتھی ہیں اللہ تعالیٰ نے ان پر بہت کرم کیا انھوں نے بیس سال قبل غرناطہ میں چھوٹی سی دکان کھولی اور یہ اب پھیل کر بہت بڑی کیش اینڈ کیری بن چکی ہے۔

یہ آج غرناطہ کے خوش حال ترین لوگوں میں شمار ہوتے ہیں بہت سادہ لیکن انتہائی مخلص انسان ہیں ان کے بچے پنجابی اور اسپینش صرف دو زبانیں جانتے ہیں بالخصوص بچیوں کی زبان خالصتاً دیہاتی پنجابی ہے یہ جب پاپا ایدھر آ کہتی ہیں تو دل خوش ہو جاتا ہے مالگا سے غرناطہ ڈیڑھ گھنٹے کی ڈرائیو پر ہے میں چھ مرتبہ یہ شہر دیکھ چکا ہوں لیکن اس میں کوئی ایسا جادو ہے جس کی وجہ سے تسکین نہیں ہوتی اور انسان بار بار غرناطہ کا چکر لگانے پر مجبور ہو جاتا ہے ہمارا ہوٹل سٹی سینٹر کے قریب تھا سیدھی گلی ٹھیک اس جگہ جاتی تھی جہاں دو جنوری 1492 کو آخری مسلمان بادشاہ ابومحمد عبداللہ نے الحمرا کی چابیاں عیسائیوں کے بادشاہ فرڈی نینڈ اور ملکہ ازابیلا کے حوالے کی تھیں۔

اس جگہ اب ایک فوارہ نما مانومنٹ بنا ہے جس میں غالباً کولمبس ملکہ کو امریکا کے بارے میں تفصیل سمجھا اور دکھا رہا ہے جب کہ چابیوں کے واقعے کی تصویری تفصیل ایک پینٹنگ میں دکھائی گئی ہے یہ پینٹنگ رائل چیپل آف گریناڈا کے اینٹری ہال میں لگی ہے پینٹنگ میں ابوعبداللہ محمد سیاہ گاؤن میں ملبوس سیاہ گھوڑے پر سوار ہے اس کے گلے میں سفید چادر لپٹی ہوئی ہے ہاتھ میں چابیاں ہیں جب کہ اس کے پیچھے اس کے ملازمین اور درباری مغموم کھڑے ہیں دوسری طرف فرڈی نینڈ سیاہ جب کہ ملکہ ازابیلا سفید گھوڑے پر بیٹھ کر غرور سے اس کی طرف دیکھ رہے ہیں اور ان کے فاتحانہ جذبے میں لتھڑے مصاحب پیچھے کھڑے ہو کر نخوت سے ہارے ہوئے لشکر کو دیکھ رہے ہیں پینٹنگ میں الحمرا کے ستون واچ ٹاورز اور برجیاں مفتوحہ سلطان کے پیچھے نظر آ رہی ہیں۔

یہ پینٹنگ کرسٹوفر کولمبس کے خطوط اور ڈائریاں پڑھ کر بنائی گئی تھیں کولمبس چابیوں کی تبدیلی اور غرناطہ کی فتح کا عینی شاہد تھا وہ ملکہ سے امداد کے لیے آیا تھا اس کا خیال تھا وہ ہندوستان کا مختصر ترین راستہ دریافت کر سکتا ہے جب کہ ملکہ کو ہندوستان کے نئے راستے میں کوئی دل چسپی نہیں تھی اس کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش غرناطہ کی فتح اسپین سے مسلمانوں کی مکمل بے دخلی اور الحمرا کے لائنز کورٹ میں چند منٹ کی چہل قدمی تھی اس نے کولمبس کو ٹالنے کی بے شمار کوششیں کیں مگر جب وہ باز نہ آیا تو ملکہ نے تنگ آ کر شرط رکھ دی اگر غرناطہ فتح ہو گیا تو میں تمھیں انڈیا کے نئے راستے کے لیے فنانس کر دوں گی۔

کولمبس کے پاس شرط ماننے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں تھا چناں چہ وہ ملکہ کے لشکر کے ساتھ نتھی ہو گیا اور اس نے اپنی آنکھوں سے ابوعبداللہ محمد کو الحمرا کی چابیاں ملکہ کے حوالے کرتے دیکھا ملکیت کی اس تبدیلی کے بعد کولمبس آگے بڑھا ملکہ کے گھوڑے کی نعل کو بوسا دیا اور اسے اس کا وعدہ یاد کرا دیا ملکہ اس لمحے اس قدر خوش تھی کہ اس نے سونے کی دو تھیلیاں کولمبس کی طرف اچھال دیں اس لمحے دونوں یہ نہیں جانتے تھے ان دو تھیلیوں کی مدد سے نئی دنیا دریافت ہو گی اور صرف چار سو سال بعد وہ دنیا امریکا کے نام سے پرانی دنیا پر حکمرانی کرے گی بہرحال قصہ مختصر مصور فرانسسکو پراڈیلا نے 1882 میں کولمبس کے خطوط اور تحریروں کی مدد سے اس واقعے کی پینٹنگ بنائی اور کمال کر دیا فرڈی نینڈ اس زمانے کی عیسائی ریاست آرگان اور ازابیلا کاسٹیا کی حکمران تھی۔

ان دونوں نے غرناطہ فتح کرنے کے لیے شادی کی دونوں ملکوں کے لشکر اکٹھے کیے اور غرناطہ کا محاصرہ کر لیا غرناطہ کی فتح ان کی زندگی کی اتنی بڑی اچیومنٹ تھی کہ دونوں نے مرنے کے بعد غرناطہ میں دفن ہونے کا اعلان کر دیا اس کے لیے انھوں نے غرناطہ میں رائل چیپل آف غرناطہ کے نام سے ایک بہت بڑا چرچ بنوایا یہ چرچ فتح کی یادگار کے قریب واقع ہے اور واقعی دیکھنے لائق ہے فرڈی نینڈ اور ملکہ ازابیلا دونوں اس چرچ میں مدفون ہیں قبریں زیرِ زمین تہہ خانے میں ہیں جب کہ قبروں کا تعویز اوپر ہے اور یہ انتہائی خوبصورت ہے تاہم سیڑھی کے ذریعے قبر میں اتر کر بادشاہ اور ملکہ کی قبریں دیکھی جا سکتی ہیں۔

بنگلا دیش پریمیئر لیگ، کھلاڑیوں کو معاوضوں کی ادائیگی میں تاخیر

بی پی ایل میں شریک کھلاڑیوں کو فرنچائز ز مالکان کی جانب سے ابھی تک پہلی قسط نہیں دی گئی

ڈھاکہ (اسپورٹس ڈیسک) بنگلا دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں شریک کھلاڑیوں کو معاوضوں کی ادائیگی میں تاخیر کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بنگلا دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں شریک کھلاڑیوں کو فرنچائز ز مالکان کی جانب سے ابھی تک پہلی قسط نہیں دی گئی۔ قواعد کے تحت طے شدہ معاوضے کا نصف لیگ کے آغاز سے پہلے دینا ہوتا ہے۔ معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے صدر نے یقین دہانی کرائی کہ معاوضوں کی ادائیگی جلد ہو جائے گی۔ 7 ٹیموں کی بی پی ایل کا آغاز 30 دسمبر سے ہو چکا ہے۔

بارڈر گواسکر سیریز، مچل مارش، آکاش دیپ سڈنی ٹیسٹ سے باہر

آسٹریلیا کو سیریز میں دو ایک سے سبقت حاصل، 5 میچوں کی سیریز کا آخری میچ کل سے سڈنی میں شروع ہوگا

سڈنی (اسپورٹس ڈیسک) بھارت کے خلاف سڈنی ٹیسٹ میں مچل مارش کی آسٹریلوی ٹیم میں و یبسٹر ڈیبیو کریں گے، بھارتی ٹیم میں بھی ایک تبدیلی متوقع ہے۔ ملبورن ٹیسٹ میں آسٹریلیا کی جانب سے نوجوان اوپنر سیم کونسٹاس نے ڈیبیو کیا تھا۔ آسٹریلیا کو سیریز میں دو ایک سے سبقت حاصل ہے، 5 میچوں کی سیریز کا آخری میچ کل سے سڈنی میں شروع ہوگا۔ آج بھارتی کوچ نے نے فاسٹ بالر آکاش دیپ کی انجری کی وجہ سے عدم شمولت کی تصدیق کی تھی، وہ روہت شرما کی پلیئنگ الیون میں شمولیت کے حوالے سے کوئی واضح جواب نہیں دے سکے تھے۔

پی ایس ایل 10، ڈرافٹ تقریب کی گوادر سے لاہور منتقلی کا امکان

پی ایس ایل کا 10 واں ایڈیشن 7 اپریل سے 20 مئی تک شیڈول ہے، تیاریاں جاری

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 10 کی پلیئرز ڈرافٹ کی تقریب کو گوادر سے لاہور منتقل کیا جا سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاجسٹک چیلنجز کے پیش نظر تبدیلی کا قوی امکان ہے، ابتدائی طور پر پی سی بی نے لیگ کے نئے ایڈیشنز میں پلیئرز کے چنا کی تقریب گوادر میں سجانے کا اعلان کیا تھا۔ لیکن اب اسے لاجسٹک مسائل کے سبب 11 جنوری کو لاہور میں ہی منعقد کیا جا سکتا ہے۔ پی ایس ایل کا 10 واں ایڈیشن 7 اپریل سے 20 مئی تک شیڈول ہے، اسے کامیاب بنانے کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔

کسی رپورٹر کو جوابدہ نہیں، ڈریسنگ روم معاملات کے سوال پر بھارتی کوچ برہم

ڈریسنگ روم کا ماحول کنٹرول میں ہے، ٹیسٹ ہارنے پر سب سے وہ بات کی جو سچ تھا، گوتم گھمبیر

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کوچ گوتم گمبھیر ڈریسنگ روم معاملات میڈیا پر آنے پر برہم ہوگئے اور کہا کہ میں کسی رپورٹر کو جوابدہ نہیں ہوں ور ڈریسنگ روم کا ماحول کنٹرول میں ہے۔ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق میلبرن ٹیسٹ میں ناکامی کے بعد ڈریسنگ روم میں کھلاڑیوں کے ساتھ کی گئی سخت گفتگو سامنے آنے کے بعد بھارتی کوچ نے اعتراف کیا کہ بارڈر۔ گاوسکر ٹرافی کا چوتھا ٹیسٹ ہارنے کے انہوں نے ٹیم کے ساتھ "ایماندارانہ "بات چیت کی۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جب کہ میلبورن ٹیسٹ میں شکست کے بعد اور سڈنی ٹیسٹ سے قبل یہ رپورٹ سامنے آئی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ آسٹریلیا میں بھارتی ٹیم کی خراب کارکردگی پر گوتم گمبھیر کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا اور انہوں نے کھلاڑیوں کو کھری کھری سنا دی۔ آج سڈنی میں میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ مجھے نہیں لگتا کہ مجھے کسی بھی رپورٹ کا جواب دینے کی ضرورت ہے، کچھ ایماندارانہ الفاظ ہیں، میں بس اتنا ہی کہہ سکتا ہوں، اگر آپ آگے بڑھنا اور کچھ بڑا حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ایمانداری بہت ضروری ہے۔ گوتم گھمبیر میں کسی رپورٹر کو جوابدہ نہیں ہوں ور ڈریسنگ روم کا ماحول کنٹرول میں ہے، ٹیسٹ ہارنے پر سب سے وہ بات کی جو سچ تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کسی نے 45-40 دن پہلے کہا تھا کہ ہم اس صورتحال میں ہوں گے کہ ہم سڈنی میں سیریز ڈرا کر سکتے ہیں تو یہ ایک اچھی پوزیشن ہے اور مجھے نہیں لگتا کہ کچھ بھی قابو سے باہر ہے۔

ایک اور اہم کیوی بلے باز پی ایس ایل 10 پلئیر ز ڈرافٹ میں شامل

مارک چیمپ مین نے پی ایس ایل کھلنے کیلئے اپنا نام باضابطہ طور پر پلئیر ز ڈرافٹ میں درج کروادیا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن کے لیے غیر ملکی پلیئر کی ڈرافٹ رجسٹریشن کا سلسلہ جاری ہے اور اب نیوزی لینڈ کے ایک اور کھلاڑی نے لیگ میں شمولیت کے لیے اپنی دستیابی ظاہر کردی۔ نوجوان مایہ ناز کیوی بلے باز مارک چیمپ مین نے بھی پی ایس ایل کھلنے پر رضامندی دے دی اور پاکستان سپر لیگ کیلئے اپنا نام باضابطہ طور پر پلئیر ز ڈرافٹ میں درج کروادیا ہے۔ ان سے قبل نیوزی لینڈ کے اسٹار پیسر ایڈم ملنے بھی غیر ملکی پلئیر ڈرافٹس میں اپنا نام درج کروادیا ہے، انکے علاوہ دیگر کیوی کھلاڑیوں میں ڈیرل مچل، ٹم ساؤتھی اور مارٹن گپٹل کے نام سرفہرست ہیں۔ اسی طرح کرس ووکس اور جونی بیئر اسٹو کی شمولیت انگلش بورڈ کے این او سی سے مشروط ہوگی۔ بھارت کے سوا دیگر تمام ٹیسٹ ممالک کے کرکٹرز ڈرافٹ میں شریک ہیں، اسٹار کرکٹرز کو لیگ کی تاریخ میں سب سے زیادہ معاوضہ دیا جائے گا. آسٹریلوی اوپنر ڈیوڈ وارنر نے بھی پی ایس ایل کے دسویں ایڈیشن کیلئے اپنا نام باضابطہ طور پر پلئیر ز ڈرافٹ میں درج کروادیا ہے. پی ایس ایل کا 10 واں ایڈیشن 7 اپریل سے 20 مئی تک شیڈول ہے، اسے کامیاب بنانے کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔



عائزہ خان اور دانش تیمور کی بچوں کیساتھ ڈانس ویڈیو نے تہلکہ مچادیا

عائزہ خان نے نئے سال کی خوشی مناتے ہوئے فیملی کے ساتھ ڈانس کی ویڈیو شیئر کی ہے

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی ڈراموں کی نامور اداکارہ عائزہ خان اور اداکارہ دانش تیمور کی اپنے بچوں کے ساتھ ڈانس ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچادیا ہے۔ نئے سال کی خوشی مناتے ہوئے منظر عام پر آنے والی اس پوسٹ میں دانش تیمور اور عائزہ خان ایک انگریزی گانے پر ڈانس کر رہے ہیں، جس میں ان کے دونوں بچے بھی ساتھ دے رہے ہیں۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہے۔ عائزہ خان نے فوٹو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر یہ دلکش پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ بس ہم چار، اور ہزاروں یادیں میرے بچوں کے پسندیدہ گانے کے ساتھ بندھی ہوئی۔ عائزہ اور دانش کے 7 سالہ بیٹے ریان کے پوز اور ڈانس نے تو جیسے صارفین کو دنگ ہی کر دیا ہے اور صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصرے کیے جا رہے ہیں۔ ریان کی بہترین پرفارمنس پر مشتمل اس ویڈیو کو دیکھنے کے بعد کمنٹ سیکشن میں بھی تعریفوں کے انبار لگ گئے، ریان کی شاندار پرفارمنس نے نہ صرف مداحوں بلکہ کئی مشہور شخصیات کو بھی متاثر کیا۔ اداکارہ حرا سومرو نے ویڈیو کے کمنٹس میں لکھا کہ ریان نے شو چرا لیا اور حورین بہت کیوٹ لگ رہی ہے، ہاہاہا، ماں باپ بھی ٹھیک ہی پرفارم کر رہے ہیں۔ جبکہ اداکارہ منال خان نے بھی ویڈیو میں عائزہ کے بیٹے کی تعریف میں لکھا کہ ریان آگ لگا رہا ہے۔

کرن تعبیر نے نئے سال کے آغاز پر عمرہ کی سعادت حاصل کرلی

اداکارہ نے انسٹاگرام پر شوہر علی حمزہ اور بیٹی کے ساتھ عمرہ ادائیگی کے دوران لی گئی تصاویر شیئر کی ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی ڈراموں کی معروف اداکارہ کرن تعبیر نے نئے سال کا آغاز عمرہ کی ادائیگی کے ساتھ کیا ہے۔ اداکارہ نے اپنے انسٹاگرام اکائونٹ پر شوہر علی حمزہ اور بیٹی کے ساتھ عمرہ ادائیگی کے دوران لی گئی تصاویر شیئر کی ہیں۔ گزشتہ دنوں ہی انھوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر تصاویر پوسٹ کر کے مداحوں کو عمرہ کی ادائیگی کیلیے جانے کی اطلاع دی تھی۔ اداکارہ نے اپنے شوہر اور بیٹی کے ساتھ ارضِ مقدس کے سفر اور عمرہ ادائیگی سے قبل کی بھی تصاویر شیئر کی تھیں۔ کرن نے عمرہ کی ادائیگی کے بعد خانہ کعبہ کے سامنے اپنی فیملی کی تصویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا ہے کہ الحمدللہ، بالآخر عمرہ کرلیا، نئے سال کے آغاز کا کیا ہی خوبصورت انداز ہے۔ کرن تعبیر کی اس پوسٹ پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مبارکبادوں کا تانتا بندھ گیا اور انہوں نے نیک تمناں کا اظہار بھی کیا۔

کرسٹیانو رونالڈو نے ماورہ حسین کو نئے سال پر پیغام بھیج دیا

پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے معروف پاکستانی اداکارہ ماورہ کو نئے سال کی مبارکباد دی ہے

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی ڈراموں کی اداکارہ ماورہ حسین کو مقبول فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو نے نئے سال پر مبارک باد کا پیغام بھیجا ہے۔ اداکارہ نے اپنے انسٹاگرام اکائونٹ پر ایک اسٹوری شیئر کرتے ہوئے خوشی خوشی کا اظہار کیا کہ سال بن گیا ہے۔ انسٹاگرام اسٹوری پر شیئر کیے گئے اسکرین شاٹ میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ماورہ حسین نے اس پوسٹ میں فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو ٹیگ بھی کیا ہے۔ اداکارہ ماورہ حسین کی سوشل میڈیا پوسٹ کے مطابق پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے بھی انہیں نئے سال کی مبارک باد دی ہے۔

اداکارہ نرگس اور انسپکٹر ماجد بشیر کے جھگڑے کا ڈراپ سین، شوہر کو معاف کردیا

لاہور (کلچرل ڈیسک) اسٹیج اداکارہ نرگس اور انسپکٹر ماجد بشیر کے جھگڑے کا ڈراپ سین ہو گیا جب کہ اداکارہ نے اپنے شوہر کو تشدد کیس میں معاف کردیا۔ ماجد بشیر نے گزشتہ سال نومبر میں اپنی بیوی نرگس کو تشدد کا نشانہ بنایا تھا، تشدد کرنے کا مقدمہ اداکارہ نرگس نے تھانہ ڈیفنس سی میں درج کروایا تھا، انسپکٹر ماجد بشیر تشدد کیس میں ابھی تک ضمانت پر تھے۔ پیش رفت کے حوالے سے اداکارہ نرگس کا کہنا تھا کہ خاندان کے بڑوں کی مداخلت پر انسپکٹر ماجد بشیر کو معافی دی، میرے بچے اور خاندان والے ناراض لیکن بڑوں کے کہنے پر خاوند کو معاف کیا۔ انہوں نے بتایا کہ عدالت میں بھی صلح نامے کا بیان حلفی جمع کروا دیا ہے، باقی زندگی اپنے بیٹے اور بیٹی کیلئے جینا چاہتی ہوں۔ کیس کے تفتیشی ذرائع نے کہا کہ نرگس کی طرف سے بیان جمع کروانے کے بعد پولیس مقدمہ خارج کرنے کی رپورٹ بنائے گی جس کے بعد درج مقدمہ خارج ہوجائے گا۔

دنیا کے نمبر 1 معروف یوٹیوبر مسٹر بیسٹ نے منگنی کرلی

مسٹر بیسٹ نے اپنی منگنی کی خوشخبری انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے مداحوں کے ساتھ شیئر کی

نیویارک (کلچرل ڈیسک) دنیا کے نمبر ون یوٹیوبر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر جمی ڈونلڈسن المعروف مسٹر بیسٹ نے منگنی کر لی ہے۔ مسٹر بیسٹ نے یکم جنوری کو اپنے انسٹاگرام اکائونٹ پر مداحوں کے ساتھ یہ خوشخبری شیئر کرتے ہوئے ایک پوسٹ کی ہے، جس میں وہ اپنی منگیتر تھیا کو انگوٹھی پیش کر رہے ہیں۔ معروف یوٹیوبر کی یہ پوسٹ فوراً ہی وائرل ہو گئی اور مداحوں کی جانب سے مبارک باد کا تانتا بندھ گیا۔ یوٹیوبر نے کرسمس کے موقع پر لی گئی اپنی منگنی کی تصاویر و ویڈیوز بھی شیئر کی ہیں جو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ انسٹاگرام پر پوسٹ کی گئی تصاویر کے کیپشن میں مسٹر بیسٹ نے لکھا ہے کہ لڑکے نے بڑا کام کر ڈالا۔ تصویر میں وہ اپنی منگیتر تھیا کو انگوٹھی پیش کرنے کیلئے گھٹنوں کے بل بیٹھے نظر آ رہے ہیں۔ مسٹر بیسٹ کی منگیتر تھیا نے اس موقع کے بارے میں بتایا کہ ہم گھر پر کرسمس کا اہتمام کر رہے تھے اور ان کی فیملی بھی جنوبی افریقہ سے یہاں پہنچی تھی اس لیے دونوں خاندان اس موقع پر موجود تھے۔ ہم تحائف کھول رہے تھے اور پھر آخری تحفے کیلیے اس نے مجھے آنکھیں بند کرنے کو کہا کیوں کہ وہ سرپرائز تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسٹر بیسٹ کے پروپوز کرنے پر انہوں نے فوراً ہاں کہہ دی اور وہ بے انتہا خوش تھیں۔ یاد رہے کہ دونوں کی ملاقات سال 2022 میں ایک مشترکہ دوست کے ذریعے جنوبی افریقہ میں ہوئی تھی۔

بقیہ نمبر 1

،لیاری کے 9 پمپنگ اسٹیشنز کو بحال کیا گیا ہے، سیوریج پمپنگ اسٹیشن کے اطراف کی سڑکوں کو خوبصورت بنانے کے اقدامات کیے گئے ہیں، ساڑھے تین ارب کی اے ڈی پی کے اشتہار جاری کیے ہیں، عوامی فلاح و بہبود کے لیے پیپلز پارٹی کے وعدے عملی شکل میں پورے ہو رہے ہیں، تمام ٹاؤنز میں ہمارے چیئرمین کام کریں گے، یہ بات انہوں نے جمعرات کو لیاری کے دورے میں شہید واجہ احمد کریم داد فیملی پارک، مولا مدد پمپنگ اسٹیشن اور شکور شہید پمپنگ اسٹیشن کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، رکن صوبائی اسمبلی محمد یوسف بلوچ، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی عثمان ہنگورو، پیپلز پارٹی کے رہنما شکیل چوہدری، خلیل ہوت سمیت چیف ایگزیکٹو آفیسر واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اسداللہ خان، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد، جمن دروان، لیاری میں پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما، ضلعی عہدیدار، منتخب نمائندے، کارکن اور دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ میراں ناکہ میں واجہ احمد کریم داد فیملی پارک کا افتتاح کرنے کے بعد میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ لیاری میں پیپلز پارٹی کی جانب سے کرائے گئے عوامی فلاح کے کاموں کا افتتاح کرنے یہاں آیا ہوں، اس پارک کو لیاری کے معروف سماجی رہنما شہید واجہ کریم داد سے منسوب کیا گیا ہے، پیپلز پارٹی اپنے شہدا کو کبھی نہیں بھولتی، منشیات کے عادی افراد سے بچانے کے لیے آج ہم نے اس پارک کا افتتاح کیا ہے، یہ پارک نہیں سیوریج پمپنگ اسٹیشن تھا، ہم نے یہاں سیوریج پمپنگ اسٹیشن کے اطراف پارک بنایا، لیاری میں جمیلہ پمپنگ اسٹیشن کے اطراف بھی پارک بنایا ہے، مولا مدد پمپنگ اسٹیشن اور شکور شہید پمپنگ اسٹیشن کے افتتاح کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ لیاری میں پانی کی قلت اور لوڈشیڈنگ کے مسائل حل کرنے کے لئے جامع حکمت عملی اپنائی ہے، واٹر کارپوریشن کے نو پمپنگ اسٹیشنز کے لیے اٹھارہ نئے پمپس رکھے ہیں، دس نئے ورٹیکل پمپ اضافی خرید کر رکھے ہیں تاکہ لیاری کو تکلیف نہ ہو، نئے جنریٹر بھی ہم نے خریدے ہیں تاکہ لوڈشیڈنگ کے نتیجے میں مشکلات کا سامنا نہ ہو، جمیلہ پمپنگ اسٹیشن اور شیریں جناح کالونی کے پمپنگ اسٹیشن کی بحالی کے لیے بھی کام جاری ہے، انہوں نے کہا کہ شہر میں سب سوئل کا نیٹ ورک چلتا ہے اس سے لیاری کا پانی چوری ہوتا ہے ج

بقیہ نمبر 2

بھی موجود تھے۔ ڈمپر ایسوسی ایشن کے صدر حاجی لیاقت محسود نے ایس ایس پی ٹریفک ملیر شوکت علی کھٹیان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جنہوں نے ڈسٹرکٹ ویسٹ سے لیکر ٹریفک ملیر تک ہمیشہ ڈمپرز ٹرانسپورٹ ہو یا قوم کے مسائل ہو انہوں نے ہمیشہ خوش اسلوبی سے حل کیا اور ان مسائل کو خود لیڈ کیا۔

بقیہ نمبر 3

اور شہریوں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے بنائے گئے پارکس اور کھیلوں کے میدانوں کو ہر قیمت پر بحال کر کے بہتر بنایا جائے گا، نیا سال کراچی کی تعمیر و ترقی کا سال ہے، کراچی کی روشنیوں، رنگوں، امنگوں اور امیدوں کو بحال کریں گے، یہ بات انہوں نے جمعرات کی شام سنگم کرکٹ گراؤنڈ فیڈرل بی ایریا کا دورہ کرتے ہوئے کہی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ اے ڈی پی اسکیم کے تحت سنگم کرکٹ گراؤنڈ میں ترقیاتی کام شروع ہوجانے چاہئے تھے جس سے نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع میسر آتے اور مقامی سطح پر باصلاحیت کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوتی، انہوں نے کہا کہ کراچی میں نچلی سطح پر کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دے رہے ہیں، کھلے مقامات اور پارکوں کی بحالی کا مقصد عوام کو تفریح کی بہتر اور معیاری سہولیات مہیا کرنا ہے، کراچی کے تمام اضلاع میں ترقیاتی کام یکساں رفتار سے جاری ہیں اور موثر حکمت عملی کے تحت بنیادی انفراسٹرکچر کو ترقی دی جا رہی ہے، نئے سال کے دوران اور بھی بھرپور طریقے سے کراچی میں ترقیاتی کام کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 4

قائم کرکے قوم کے بچے بچے کو مقروض کر دیا ہے۔حکومت کے بیرونی قرضوں میں 3 ہزار 919 ارب کا مزید اضافہ معیشت کی بہتری کے دعووں کی نفی ہے۔ جھوٹ اور بھیک پر ملک نہیں چلتے۔حکمرانوں کے ہوس اقتدار، غلامانہ پالیسیوں، داخلی انتشار، افراتفری اور سیاسی عدم استحکام نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ 4 ہزار 632 ارب روپے اضافے کے ساتھ ملک کے مقامی قرضے بڑھ کر 69 ہزار 114 ارب ہوگئے جس سے ثابت ہوگیا کہ حکومت قوم کے ساتھ جھوٹ بول رہی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ کی جانب سے مزید ٹیکس لگانے کا بیان عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کرنا ہے۔حکومت ٹیکسوں کی شرح بڑھا کر غریب عوام کی زندگی اجیرن بنانے کی بجائے ملک میں بڑے ٹیکس نادہندگان کو ٹارگٹ کرے۔ 2024 سندھ میں بدامنی ڈاکو راج حکومتی ناکامی و نااہلی کا سال رہا۔حقیقی معنی میں محبِ وطن سندھ دوست اور عوام کی ترجمان و مخلص قیادت ہی سندھ میں امن ترقی خوشحالی اور عوام کے مسائل حل کرسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 5

ایڈوکیٹ نے موقف دیا کہ کھیل کا میدان اور پارکنگ کے پلاٹ کو نجی فرد کے حوالے کردیا ہے۔ رفاہی پلاٹ شہریوں کے لئے ہے، پلاٹ ڈی ایچ اے کی پراپرٹی نہیں ہے۔ ڈی ایچ اے اختیارات کا غلط استعمال کر رہا ہے۔ جسٹس عدنان الکریم میمن نے ریمارکس دیئے کہ سپریم کورٹ نے رفاہی پلاٹس کی حیثیت تبدیل کرنے پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔ خواجہ شمس الاسلام ایڈوکیٹ نے موقف دیا کہ ناظر رپورٹ کے مطابق معائنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ جسٹس کے کے آغا نے ریمارکس دیئے کہ یہ درخواست کس طرح قابل سماعت ہے؟ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ جس کمپنی کو پلاٹ دیا گیا وہ نیلامی کے لئے مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد وجود میں آئی۔ اس معاملے میں بے ضابطگیوں کے ساتھ کرپشن بھی ہے۔ جسٹس کے کے آغا نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے لئے یہ زمین کا تنازعہ ہے۔ اگر کرپشن کا معاملہ ہے تو نیب کے پاس جائیں۔ عدالت نے درخواست کو مزید سماعت کے لئے ریگولر بینچ بھیجنے کا حکم دیدیا۔ عدالت نے سماعت فروری کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 6

کانفرنس میں شرکت کریں گی۔ شان رسول کانفرنس کا مقصد آپؐ کی تعلیمات کو عام کرنا ہے۔ نوجوان سیرت رسولؐ پر عمل کریں۔

بقیہ نمبر 7

کر لی گئی ہے مگر تا حال عملی طور پر کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں۔ گزشتہ سال حکومت کی جانب سے جو منصوبے شروع کیے گئے تھے وہ بھی تا حال مکمل نہیں ہوئے حکمرانوں کی جانب سے عوام کے خون پسینے کی کمائی سے لیے جانے والا ٹیکس ایک بار پھر نئے بجٹ میں شامل کر کے پرانے منصوبوں کو مکمل کرنے کے لیے کوششیں شروع کی جائیں گی۔ بلال سلیم قادری کہا مزید کہنا تھا کہ ٹوٹی پھوٹی سڑکیں گندگی کا ڈھیر سیوریج کا ناقص انتظام اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سب اپنی جگہ پر قائم و دائم ہے۔ بجلی پانی گیس کے مسائل اپنی جگہ موجود ہیں۔ حکمرانوں کی جانب سے مہنگائی کو کنٹرول کرنے کا یہ عالم ہے کہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے عملہ کبھی دفتر سے باہر نہیں آتا مگر بنائی جانے والی فائل میں سب

اچھے کی رپورٹ ایسے بنا دی گئی ہے کہ اس میں کوئی انجیکشن نہیں نکال سکتا ہے۔ ذخیرہ اندوزوں نے نئے سال انے سے قبل ہی تمام اشیا کا ذخیرہ جمع کرنا شروع کر دیا تھا اب نئے سال میں نئی قیمتوں کے لیبل لگا کر وہی پرانی قیمتوں والی اشیا عوام کو مہنگے دام وفروخت کی جائیں گی۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ کا یہ عالم ہے کہ جاری کیے جانے والے شیڈول میں اگر 10 گھنٹے ہے تو عوام کو 18 گھنٹے بجلی نہیں فراہم کی جا رہی ہے۔ گیس فراہم کرنے والا محکمہ ابھی سب کو دیکھ کر اپنا رنگ دکھا رہا ہے۔ گیس کی بندش کے ساتھ ساتھ گیس کا پریشر بھی ایسا کر دیا ہے کہ اس سے تو نہ آنا ہی بہتر ہے۔ ان سب صورتحال میں گھریلو صارفین کا یہ عالم ہے گیس کے بڑے بڑے بل بھی بھر رہے ہیں اور کھانا بھی گھر پر نہیں بنا پا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

ایکسپورٹرز کی جانب سے اپنی برآمدی آمدنی بھنانے سے گریز جیسے عوامل کے باعث ڈالر کی قدر میں اضافے کا رجحان رہا۔ انٹربینک مارکیٹ میں کاروباری دورانیے کے دوران ڈالر کی قدر ایک موقع پر 10 پیسے کی کمی سے 278 روپے 45 پیسے کی سطح پر بھی آگئی تھی لیکن سپلائی میں بہتری آتے ہی معیشت میں زرمبادلہ کی طلب بڑھنے سے کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر 09 پیسے کے اضافے سے 278 روپے 64 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔ اسی طرح اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 10 پیسے کے اضافے سے 279 روپے 70 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔ واضح رہے کہ رواں ماہ اور اگلے ماہ بھی پاکستان کو بیرونی قرضوں کی ادائیگیاں کرنی ہیں لہذا بیرونی ادائیگیوں اور زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر بڑھانے کے لیے آنے والے دنوں میں بھی ڈالر کی قدر میں بتدریج اضافے کے امکانات ہیں۔

بقیہ نمبر 9

بھی بڑھ جاتے ہیں، پیپلز پارٹی یوسی 31 کے چیئرمین قاضی مسیح الزماں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ خواتین کی شمولیت کو ترجیح دی ہے اور یقین رکھتے ہیں کہ خواتین کی سیاسی شرکت ملک کے مستقبل کیلئے ضروری ہے، ٹاؤن ممبر میاں سرفراز خواجہ سرا کمیونٹی کی نمائندہ پنکی نے کہا کہ خواتین اور خواجہ سرا کمیونٹی کو سیاست میں مساوی مواقع دیئے بغیر حقیقی جمہوریت کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ سندھی ادبی شاگرد تحریک کے سیکرٹری میر سردار راجڑ نے کہا کہ ہمیں سیاست میں خواتین کے کردار کو تسلیم کرنا ہوگا اور انکی قیادت کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہوگا سوشل میڈیا ایکٹوسٹ نبیلہ مغل نے خواتین کی جدید میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر خواتین کی موجودگی کے ذریعے سیاسی شعور کو اجاگر کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی، خواتین کی شمولیت مضبوط جمہوریت کی بنیاد کی آرگنائزر صبا عباسی نے کہا کہ ہمیں ایسی ریاست کی ضرورت ہے، جس میں تمام طبقات کو شامل کیا جا سکے، جہاں خواتین، خواجہ سرا اور نوجوان یکساں طور پر اپنی آواز بلند کر سکیں، خواتین کی سیاسی شرکت نہ صرف انکی ذاتی ترقی بلکہ معاشرے کی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، یہ پروگرام کالج اور یونیورسٹی کی طالبات کیلئے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ حیدر آباد کی نوجوان نسل سیاسی نظام کو بہتر طور پر سمجھ سکے، اور آئندہ کیلئے اپنی سیاسی سوچ کو آگے بڑھا سکیں۔

بقیہ نمبر 10

ریاستی اداروں کی۔ جانب سے پاراچنار کے راستوں کی بندش اور دہشتگردوں کے خلاف کارروائی نہ ہونے پر ملک گیر احتجاج کیا۔ احتجاج کرنا ہمارا قانونی و آئینی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری بحیثیت صدر ذمہ دار ہیں کہ کرم کا مسئلہ میں کردار ادا کرتے۔ پیپلز پارٹی کی یہ سیاست اور زبان نہیں آپ کے منہ میں جس کی زبان ہے قوم کو اچھی طرح پتہ ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو اور بینظیر بھٹو شہید کی جماعت آج اسٹبلشمنٹ کی زبان بولے لمحہ فکریہ ہے۔ ملک گیر دھرنوں میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈہ پور کی نااہلی پر استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔ مرتضیٰ وہاب لندن، امریکہ، جرمنی کے وزیر خارجہ کو خط لکھیں کہ وہاں احتجاج کیوں ہوا انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کی ایما پر شرکا دھرنے پر گولیاں برسائیں گئیں پولیس کی فائرنگ سے ملیر 15 پر ایک نوجوان شبہہ حیدر زیدی شہید ہوگیا اور درجنوں کے قریب زخمی ہوئے۔ جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ میئر کراچی پولیس کی فائرنگ سے شہید ہونے والے شبہہ حیدر زیدی کے قتل کی مذمت کریں سندھ حکومت کے ایما پر گولیوں سے درجنوں پرامن شرکا زخمی ہوئے جس کے مقدمات محکمہ سندھ کے خلاف کٹوائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 11

مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ شمالی بلوچستان اور ملک کے مغربی علاقوں میں داخل ہوگیا، 4 اور 5 جنوری کے درمیان دیہی سندھ کے اضلاع قمبر شہدادکوٹ، لاڑکانہ، جیکب آباد، شکارپور، کشمور، سکھر میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور بونداباندی کا امکان ہے۔ سردی کی نئی لہر کے دوران کراچی سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں کم سے کم پارہ 4 سے 7 ڈگری تک کم ہوسکتا ہے، ارلی وارننگ کے مطابق ہفتے کو کراچی میں تندوتیز ہوائیں چل سکتی ہیں، یخ بستہ ہواؤں کی وجہ سے کم سے کم پارہ 06 ڈگری ریکارڈ ہوسکتا ہے۔ جمعرات کو شہر میں سردی کی شدت میں کمی ریکارڈ ہوئی، کم سے کم درجہ حرارت گذشتہ روز کے مقابلے میں 1.5 ڈگری اضافے سے 13.5 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ایک ڈگری اضافے سے 28 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔

بقیہ نمبر 12

ادائیگی کے لیے ہم نے اسی لیے ناکہ لگا کے لوگوں کی آگاہی کی اور ٹیکس جمع کرانے کی پابندی کروانا میری ذمہ داری ہے اور میری حیدرآباد کی عوام سے گزارش ہے کہ اپنی گاڑیوں کا ٹیکس جمع کرا کے محبِ وطن ہونے کا ثبوت دیں۔

بقیہ نمبر 13

مفتی سیف الرحمن عباسی نے لسبیلہ چوک میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا اہلسنت والجماعت پاکستان کے مرکزی صدر علامہ غازی اورنگزیب فاروقی نے کہا کہ میں اعلان کرتا ہوں اگر کسی نے دھرنوں کی آڑ لے کر سیاست کی کوشش کی اس کو ہمارا سامنا کرنا ہوگا ہماری معیشت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو ہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ موجود ہوں ہم ریاست سے مطالبہ کرتا ہوں کرم ایجنسی کو اسلحے سے پاک کیا جائے کرم ایجنسی میں فوجی آپریشن کیا جائے تاکہ امن وامان قائم رکھ سکیں پاکستان میں دہشت گردوں کا تعلق ایران سے ہے شام وعراق میں بھی ایرانی دہشت گردوں نے ملک برباد کیا ہم مطالبہ کرتے ہیں پاکستان کو ایرانی دہشت گردوں سے پاک کیا جائے کرم ایجنسی کے بگن، پاراچنار، بشیرہ گاؤں میں امداد فراہم کی جائے معاملات کرم ایجنسی پاراچنار اور اطراف کے علاقوں میں خراب تھے ایم ڈبلیو ایم نے کے پی کے میں سڑکوں پر کیوں نہیں آئے؟ ایم ڈبلیو ایم نے کراچی کو کیوں بند کردیا، انہوں نے کراچی والوں کو پریشان کیا

بقیہ نمبر 14

اعلامیہ کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں سیمنٹ کی کھپت 3.9 فیصد کم ہوکر 2.293 کروڑ ٹن رہی۔ چھ ماہ میں سیمنٹ کی مقامی کھپت 10.4 فیصد کم ہو کر 1.812 کروڑ ٹن رہی۔ اعلامیہ کے مطابق جولائی سے دسمبر تک سیمنٹ کی ایکسپورٹ 31.6 فیصد اضافے سے 48.1 لاکھ ٹن رہی۔ ڈیوٹیز اور ٹیکسوں میں کمی سے سیمنٹ کی کھپت بڑھائی جاسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 15

تمام ٹرانسپورٹرز، ٹریفک سارجنٹ، آر ٹی اے اور میونسپل کمیٹی کے عہدیداران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد کیا تھا۔ اجلاس میں تمام شرکا کے باہمی مشورے اور تعاون سے ٹریفک اور تجاویزات کے حوالے سے متعدد نقاط طے پائے جن پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ بعدازاں ایس ایس پی عمر کوٹ نے شہر کا وزٹ کیا ٹریفک نظام، پولیس اہلکاروں کی تعیناتی کو چیک کیا۔

بقیہ نمبر 16

وزیراعظم کی ملک کیلئے زیادہ ریونیو حاصل کرنے کی یہ سوچ مثبت ہے کہ ٹیکس کی شرح میں 10 سے 15 فیصد کمی کردی جائے تو ٹیکس چوری میں بھی کمی ہوگی ٹیکس دینے والوں کی تعداد بھی بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اٹل حقیقت ہے کہ اگر ملک کے ادارے اور حکومت مل کر کام کرتے رہیں تو کامیابی توقعات سے بھی پہلے حاصل ہو جاتی ہے۔ ملک خدا بخش نے کہا کہ قیام پاکستان کے چند سال بعد سے اب تک کھربوں روپے کی کرپشن کی گئی گراب بھی کچھ نہیں بگڑا ہے، ہمارے حکمرانوں اور تمام سیاستدانوں کو ماضی سے سیکھ کر آگے بڑھنا ہوگا، یہ درست ہے کہ اشرافیہ کو اب ملک کیلئے قربانی دینا ہوگی ضرورت اس بات کی ہے کہ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں میثاق معیشت پر اتفاق کریں تاکہ ملک میں جو مسائل جنم لے چکے ہیں انکا خاتمہ ہو سکے۔ انکا کہنا تھا کہ ''اڑان پاکستان'' قومی ترقی کیلئے ایک جامع پروگرام ہے اور بزنس کمیونٹی کو یقین ہے کہ میاں شہباز شریف کی قیادت میں تمام اہداف پورے ہوں گے اور پاکستان عالمی معیشتوں کی صف میں کھڑا ہوگا۔

بقیہ نمبر 17

مستحق مریضوں کے بہبود ہوگی، شعبہ یورالاجی کے سربراہ پروفیسر امان اللہ عباسی نے کہا کہ یورالاجی ڈپارٹمنٹ میں فلورواسکوپ کے تنصیب سے غریب اور مستحق مریضوں کے لیے بڑی آسانی ہوگی اور فلورواسکوپ کی مدد سے اب بغیر کٹ کے گردوں سے پتھری کا خاتمہ ممکن ہوگا، چانڈکا میڈیکل کالج کے بیچ چار سابقہ طالب علموں کے بیجد شکر گزار ہیں، چانڈکا میڈیکل کالج کے سابق پرنسپل اور بیچ چار کے سابق طالبعلم پروفیسر شیر محمد شیخ نے اپنے بیچ کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ بیچ چار نے اپنے روایت کے مطابق اپنی مادرعلمی کو پے بیک کرنے کی کوشش کی ہے اور اس سے پہلے بھی ہمارے بیچ کے دوستوں نے پورٹ ایبل ایلیسرے، الٹراسانڈ، میمو گرافک مشین، او ٹی ایکوپمنٹ، آسی یو مانیٹر اور کمپیوٹرز کی مدد میں عطیات دیئے ہیں اور ہم آج جو کچھ بھی ہیں اپنے مادر علمی کی وجہ سے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

ہر دور کی حکومت نے صرف دلاسے ہی دلا سے دیے ہیں جو کہ رانا ثنا اللہ بہت سنسیر تھے اس کیس میں پتہ نہیں کیا ہوا وہ بھی خاموش ہوگئے ہیں اور شہباز شریف نے کچھ نہ کچھ اس کیس کی پیروی کی ہے جو دونوں بہنوں کو اپس میں ملوایا اور بات چیت بھی کی ہے جو خط لکھا وہ بھی امریکہ کے صدر کے پاس نہیں پہنچا بیچ میں کون رکاوٹ ہے اللہ ہی جانتا ہے اللہ ان کو غرق کرے اور اب ہمارے وزیراعظم شہباز شریف کو یہ کام کرنا چاہیے کہ امریکہ کے جب حکومت بنتی ہے جو نیا صدر اتا ہے جانے والا صدر کچھ نہ کچھ قیدیوں کو رہا کر جاتا ہے

بقیہ نمبر 19

2023 کے مقابلے میں ٹروجن کی کھوج میں 33 فیصد اضافے کی اطلاع دینے کے ساتھ بعض قسم کے خطرات میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا۔ یہ اور دیگر نتائج سائبر سیکیورٹی کے منظرنامے میں اہم پیش رفتوں کا تجزیہ کرنے والی رپورٹوں کی ایک سالانہ سیریز کیسپرسکی سیکیورٹی بلیٹن (KSB) میں بیان کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

ضمن کی ایک اور دھاندلی کی قسط حاضر خدمت ہے جو لینڈ اینٹی انکروچمنٹ کے ایم سی سے متعلق ہے جس کی سینیارٹی لسٹ بھی جاری کر رہے ہیں۔ لینڈ اینٹی انکروچمنٹ کی سینیارٹی لسٹ کے مطابق نمبر ایک 1 پر وسیم اسرار بحثیت انسپکٹر جوائننگ 29/9/1993۔ اسی سینیارٹی لسٹ کے نمبر 2 پر کمال الدین صدیقی بحثیت انسپکٹر جوائننگ 14/3/1993۔ سینیارٹی لسٹ پر نمبر تین 3 پر عمران واحد انسپکٹر ہیں ان کی بحثیت انسپکٹر جوائیننگ 18/3/1993 ہے۔ اسی لسٹ میں چوتھے نمبر پر محمد اکرم انسپکٹر ہیں جن کی بحثیت انسپکٹر جوائننگ 19/5/1993 ہے۔ اور یہ چاروں نام لینڈ اینٹی انکروچمنٹ کے انتہائی سینئرز کی نمبر وار لسٹ میں موجود ہیں جسے آپ سینیارٹی لسٹ میں بھی دیکھ پائیں گے۔ تاہم جب ڈی پی سی بنائی گئی تو ان میں سے کوئی نام بھی ہمیں ڈی پی سی ٹو میں نظر نہیں آتا یعنی اہلیت کا مکمل طور پر گلا گھونٹا گیا ہے۔ خلاف ضابطہ پروموشن پانے والوں کے نام 118 ناموں کی ڈی پی سی ٹو میں واضع طور پر سیریل نمبر 52,77,113، اور سیریل 116، پر واضح دیکھے جاسکتے ہیں اور اس ثبوت کو سامنے رکھتے ہو؟ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ڈی پی سی ٹو کے کمیٹی ممبران نے یا تو اپنے رشتہ داروں کو نوازہ ہے یا پھر کمیٹی نے پیسہ کے عوض دھاندلی زدہ ڈی پی سی ٹو بنائی۔ کے ایم سی جوائنٹ ایمپلائز ایکشن کمیٹی ایک بار پھر واضع کرتی ہے کہ ڈی پی سی ٹو کا جائزہ لیکر سینیارٹی کم فٹنس کے اصولوں کے تحت پروموشن کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 21

پلان کو ترتیب دیا جائے تاکہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے کوئی بھی بچہ نہ رہ جائے اجلاس میں بتایا گیا کہ آئندہ پولیو مہم 27 جنوری 2025 سے 31 جنوری 2025 تک متوقع ہے جس میں ڈویژن بھر کے 9 لاکھ 46 ہزار 205 پیدائش سے لیکر پانچ سال کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اس مقصد کے لئے ڈویژن بھر کے 3 اضلاع کے 14 تحصیل کے 112 یونین کونسلز کے لئے 189 یوسی ایم اوز، 706 ایریا انچارجز، 2386 لیڈی ہیلتھ ورکرز، 368 ٹرانزٹ ٹیمیں، 236 فکسڈ ٹیمیں، 5950 موبائل ٹیمیں مقرر کیئے گئے ہیں جو مہم کے دوران پیدائش سے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی

بقیہ نمبر 22

بغیر ہم اپنے کل کو محفوظ نہیں بنا سکتے اس کے لئے لازمی ہے کہ ہم اپنی بچیوں کو تعلیم کے ساتھ کمپیوٹر کی لازمی تعلیم فراہم کریں۔ اس موقع پر سندھ مدہار سنگت کے ڈاکٹر غلام مصطفیٰ کولاچی نے کہا کہ ہم نے آج 43 ویں کانفرنس کا انعقاد کیا جس کا مقصد ہم اپنے ماڈل ولیج ٹنڈو کولاچی اور اردگرد کے علاقوں سے تعلق رکھنے والوں افراد میں لازمی تعلیم کے حصول کے شعور کی جانب یہاں کے لوگوں کو آگاہی فراہم کریں۔ تقریب میں جناب حسن لغاری، ڈی ایس پی جھڈو، ایس ایچ او جھڈو شاہنواز خاصخیلی، جھڈو پریس کلب کے صدر عاطف لطیف، جنرل سیکرٹری حسن کھچی، سینئر صحافی شفیق جان، نعمان قائم خانی اور دیگر افراد نے شرکت کی اور کانفرنس کے انعقاد کو سراہا۔

بقیہ نمبر 23

گیا تھا جہاں سوزائلڈ کے لڑکیوں نے کرکٹ فٹبال ٹگ آف وار اور رسہ کشی ودیگر کھیلوں کیلئے تربیت میں حصہ لیکر تربیت حاصل کیں۔ تربیتی کیمپ پر لڑکے لڑکیوں کو مستند کوچز نے کھیلوں کے حوالے سے فزیکل اور مختلف پہلوں پر آگاہی دی۔ تربیتی کیمپ کے اختتامی روز ڈی سی جامشورو غضنفر علی قادری نے مہمان خاص شرکت کی جن کی آمد پر ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر تحسین کوثر چنہ نے ڈی سی جامشورو کو خوش آمدید کہا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ تربیتی کیمپ کے اختتامی روز ڈی سی جامشورو غضنفر علی قادری نے تربیت لینے والے کھلاڑیوں اور کوچز کو سرٹیفکیٹ اور شیلڈ تقسیم کیں۔ انہوں نے تربیتی کیمپ کے انعقاد پر ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر کی کوشش کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے ایونٹ سے بچوں کو کھیل کی جانب راغب کیا جاسکتا ہے تاکہ وہ کھیل کی سرگرمی میں حصہ لیکر ملک وقوم کا نام روشن کرسکیں۔ انہوں نے کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ کھیلوں کی سرگرمی میں حصہ لیکر اپنی کارکردگی سے نمایاں مقام بنائیں

بقیہ نمبر 24

تھے۔ اس موقع پر یونین کے چیئرمین بلال احمد، وائس چیئرمین رحمان علی، جنرل سیکرٹری رضوان اللہ خلیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین نے ملازمین کے جائز اور قانونی مطالبات کو منظور کروانے کے لیے جدوجہد کو جاری رکھا ہوا ہے۔ ملازمین حق کا ساتھ دیں اور شیر کو کامیاب بنائیں۔ فیڈریشن کے اقلیتی رہنماؤں کشن لعل راجہ، لعل داس، راجو داس، پرویز چیدا مسیح، شان پرویز، عاف بھٹی، سجاد مسیح نے 7 جنوری کو ہونے والے ریفرنڈم میں یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین شیر کو ووٹ دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین سینی ٹیشن ملازمین اور واٹر سپلائی کے ملازمین کی نمائندہ یونین ہے۔ جس کی کامیابی یقینی ہے۔

بقیہ نمبر 25

نے ملاقات کے بعد اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری کہنا تھا کہ اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی نے ملاقات میں کہا کہ مجھے بنی گالا منتقل کرنے کی آفر آئی تھی جس کو تمام کارکنان کی رہائی سے مشروط کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پارٹی کے تمام اسیران کو رہا کر دیا جائے تو وہ اس آفر پر سوچیں گے، جب تک تمام کارکنان رہا نہیں ہوتے وہ اپنی رہائی کی بات نہیں کرینگے۔ فیصل چوہدری کا مزید کہنا تھا کہ پہلے والے توشہ خانہ کیس کی سزا معطل ہو چکی ہے اور توقع ہے کہ موجودہ کیس کا فیصلہ بھی اسی طرح کا ہوگا۔ بانی پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ طاقت کے ذریعے پارٹی کو دبایا نہیں جاسکتا اور جماعت کا نظریہ عوام کے دلوں میں رچ بس چکا ہے۔ انہوں نے خالد خورشید کی سزا کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلے عدلیہ پر دباؤ ظاہر کرتے ہیں۔ وکیل کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے کارکنان کی رہائی کے بغیر اپنی رہائی پر بات کرنے سے انکار کیا ہے فیصل چوہدری نے حکومت کی معاشی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صفر فیصد شرح نمو کے دعوے کے باوجود حکومت مہنگائی کم کرنے کی بات کر رہی ہے جو مضحکہ خیز ہے۔ انہوں نے 9 مئی اور 26 نومبر کے واقعات پر آزادانہ تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا اور ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل کی مخالفت کی۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی ملکی معیشت، سیاست، اور امن وامان کی بحالی کے لیے ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 26

آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کا کہنا تھا کہ بنیادی طور پر 67 لوگ تھے جن میں سے صرف 19 لوگوں کو معافی ملی ہے، 48 نے اپنی اپیلیں فائل کی ہیں، پاکستان تحریک انصاف ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی سویلین کا ٹرائل ملٹری کورٹ میں نہیں ہوسکتا، سپریم کورٹ اس حوالے سے طے کر چکی ہے، ہم آج حکومت کے ساتھ مذاکرات میں اپنے مطالبات پیش کریں گے، سب جماعتیں مل جل کر عوام اور ملک کے وسیع تر مفاد میں بیٹھیں، ملک کی بہتری کے لیے مذاکرات کامیاب ہونے چاہئیں۔

بقیہ نمبر 27

اوران کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس میں وکلا صفائی کو گواہ پر جرح کا آخری موقع دے دیا۔ اسپیشل جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کیخلاف توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں کی، عمران خان اور بشریٰ بی بی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ دوران سماعت وکلا صفائی کی جانب سے بشریٰ بی بی کے وکیل ارشد تبریز کی حاضری معافی کی درخواست دی گئی جس میں مقف اپنایا گیا کہ ارشد تبریز بیماری کی وجہ سے حاضر نہیں ہوسکتے سماعت ملتوی کی جائے، پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی کی جانب سے درخواست کی مخالفت کی گئی۔ بعدازاں عدالت نے وکلا صفائی کی درخواست منظور کرلی اور گواہ پر جرح کا حتمی موقع دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 6 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 28

تنازعات کے حل پر معاشی فواد کی اہمیت اجاگر کی ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلے میں کہا کہ ثالثی کے ذریعے تنازعات کے حل کے معاشی فوائد نہایت اہم ہیں، ثالثی ایک کم خرچ، مؤثر اور خفیہ طریقہ کار کے طور پر نہ صرف ملکی عدالتوں کا بوجھ کم کرتی ہے بلکہ کاروباری پیداواری صلاحیت بھی بڑھاتی ہے۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج نے لکھا کہ ثالثی کے ذریعے تنازعات کے جلد حل کا موقع ملتا ہے جس سے کاروبار میں تعطل کم ہوتا ہے، بین الاقوامی ثالثی کے فیصلوں کے نفاذ کی صلاحیت تجارت اور کاروبار کو مضبوط بناتی ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ثالثی کا مستحکم اور قابل پیش گوئی تنازعات کے حل کا نظام سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دیتا ہے، ثالثی سے ملک بیرونی سرمایہ کاری کے لیے ایک پرکشش مقام بن جاتا ہے۔ فیصلے میں لکھا کہ عدالت کو بتایا گیا قانون اور انصاف کمیشن کی جانب سے تیار کردہ ایک نئے ثالثی ایکٹ کے مسودے کو 2 مئی 2024 کو وزارت قانون وانصاف کے ذریعے وفاقی حکومت کو پیش کیا گیا، یہ مسودہ 1940 کے غیر تبدیل شدہ ثالثی کے پرانے نظام کو جدید بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ہمیں توقع ہے کہ وفاقی حکومت قوم کے وسیع تر اقتصادی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد از جلد نئے ثالثی قانون کے نفاذ کو یقینی بنائے گی تاکہ عوام کو ایک مؤثر اور جدید تنازعات کے حل کا نظام فراہم کیا جا سکے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلے میں دفتر کو ہدایت کی کہ اس فیصلے کی ایک نقل اٹارنی جنرل کو بھیج دی جائے، تاکہ متعلقہ وزارت کے ساتھ خط وکتابت اور یاد دہانی کے طور پر کام آئے۔

بقیہ نمبر 29

کاروں کو خصوصی سہولتیں دینے اور سرمایہ کاری سے متعلق دیگر امور پر بات چیت کی گئی۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ سال پاکستان کی معاشی ترقی کی نوید ثابت ہوگا، آج پاکستان میں موجود افراط زر 2018 کے بعد کم ترین سطح پر ہے، ترسیلات زر پانچ کے مقابلے میں 34 فیصد زیادہ ہیں، ایکسپورٹس بڑھنے سے ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر چار ارب ڈالر سے بڑھ کر ساڑھے بارہ ارب ڈالر پر آچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینکوں کی شرح سود 22 فیصد سے کم ہوکر 13 فیصد پر آچکی، اگر اصل افراط زر کی بات کی جائے تو اسٹیٹ بینک کے پاس شرح سود مزید آٹھ پوائنٹس تک کم کرنے کی گنجائش موجود ہے، اسٹاک ایکس چینج تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے، یہ تمام اشاریے کھلا ثبوت ہیں کہ یہ سال پاکستان کی ترقی میں بہت معاون ثابت ہوگا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کوئی شک نہیں کہ گزشتہ ساڑھے نو ماہ میں حکومت کو بیرونی اور اندرونی خلفشار کا سامنا کرنا پڑا، متعدد چیلنجز تھے جس کا ہم نے باہمی تعاون سے مقابلہ کیا، چاول کی ایکسپورٹ سے ملکی قومی خزانے میں چار ارب ڈالر آئے، چینی کی برآمد سے

بھی نصف ارب ڈالر آرہا ہے، ہمارے پاس سرپلس چینی تھی جسے ہم نے اس لیے ایکسپورٹ کیا کہ اسمگلنگ بند ہوچکی تھی اور چینی ہمارے پاس وافر مقدار میں موجود تھی، اسی طرح آئل کی اسمگلنگ بھی کم ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس موقع ہے کہ وسطی ایشیائی ممالک ہمارے ساتھ سرمایہ کاری کے خواہش مند ہیں، مختلف ممالک سے ایم او یوز سائن ہو چکے ہیں، معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے اگر سیاسی استحکام ہوگا تب ہی معاشی استحکام ہوگا، اب ہمیں معاشی گروتھ کی جانب جانا ہے تو سیاسی استحکام کے ساتھ ساتھ بجلی کی قیمتیں کم کرنا ہوں گی، ٹیکس آمدنی بڑھانی ہے تو کوششیں کرنا ہوں گی، بینکوں نے کئی برس بے پناہ منافع کمایا ان سے 27 ارب روپے لے کر بینکوں میں جمع کرائے، چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال قابل افسر ہیں ان کی کوشش سے کراچی پورٹ میں ہینڈلنگ میں تیزی آئی ہے بیک لاگ کافی حد تک حل ہو چکا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشی ترقی کا سلسلہ اس بات پر منحصر ہے کہ ملک میں امن ہو، اس وقت سیکیورٹی ہمارے لیے ایک چیلنج کی مانند ہے بدقسمتی سے افغان حکومت نے بہت سے لوگوں کو چھوڑ دیا، دہشت گردوں کو کھلے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے اس کے لیے سیکیورٹی ادارے جام شہادت نوش کر رہے ہیں، روز کوئی واقعہ ہوتا ہے اور لوگ شہید ہوتے ہیں ہمیں اس کے خلاف سب کو اکٹھا ہونا ہوگا۔ انہوں نے پاراچنار میں معاہدہ ہونے پر سب کو مبارک باد دی اور کہا کہ دونوں اطراف سے سیکڑوں لوگوں کے مارے جانے پر افسوس ہے ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا۔

بقیہ نمبر 30

کی گئی دیگر رحم کی پٹیشنوں پر عملدرآمد مقررہ مدت میں قانون کے مطابق کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 19 مجرمان جن کی سزائیں معاف کی گئی ہیں ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں: 1۔ محمد ایاز ولد صاحبزادہ خان 2۔ سمیع اللہ ولد میرداد خان 3۔ لئیق احمد ولد منظور احمد 4۔ امجد علی ولد منظور احمد 5۔ یاسر نواز ولد امیر نواز خان 6۔ سعید عالم ولد معاذ اللہ خان 7۔ زاہد خان ولد محمد نبی 8۔ محمد سلیمان ولد سعید غنی جان 9۔ حمزہ شریف ولد محمد اعظم 10۔ محمد سلمان ولد زاہد نثار 11۔ اشعر بٹ ولد محمد ارشد بٹ 12۔ محمد وقاص ولد ملک محمد 13۔ سفیان ادریس ولد ادریس احمد 14۔ منیب احمد ولد نوید احمد 15۔ محمد احمد ولد محمد نذیر 16۔ محمد نواز ولد عبدالصمد 17۔ محمد علی ولد محمد بوٹا 18۔ محمد بلاول ولد منظور حسین 19۔ محمد الیاس ولد محمد فضل حلیم ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ان مجرموں کو ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد رہا کیا جا رہا ہے، دیگر تمام مجرموں کے پاس بھی اپیل کرنے اور قانون اور آئین کے مطابق دیگر قانونی حقوق برقرار ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ سزاؤں کی معافی ہمارے منصفانہ قانونی عمل اور انصاف کی مضبوطی کا ثبوت ہے آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ نظام ہمدردی اور رحم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے، اس سے قبل اپریل 2024 میں قانون کے مطابق انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 20 مجرمان کی رہائی کا حکم صادر کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 31

،اگر صوبہ چاہے گا تو آپریشن ہوگا اور صوبے کے کہنے پر ہی فوج آئی ہے، پی ٹی آئی کی 10 سالہ ناکامی کو پرامن مظاہرین کے خلاف طاقت کے استعمال کے ذریعے چھپانے کی کوشش بے نقاب ہوچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلدیاتی نمائندے کے پی حکومت سے فنڈز اور دیگر حقوق کے مطالبے کے لیے پرامن احتجاج کر رہے تھے اور ان کے خلاف لاٹھی چارج اور شیلنگ کا مظاہرہ کیا گیا۔ مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر نے کہا کہ پشاور میں منتخب مقامی حکومت کے نمائندوں کے خلاف طاقت کے استعمال کی مذمت کرتے ہیں، اس سے پی ٹی آئی کی دہرے معیار کی سیاست بے نقاب ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن جماعتوں سے کھلے دل کے ساتھ مذاکرات کا آغاز کیا ہے اور صرف وہ مطالبات پورے کیے جائیں گے جو قانونی اور آئینی دائرہ کار میں ہوں گے۔ امیر مقام نے واضح کیا کہ پی ٹی آئی کے بانی کے کیسز سنگین نوعیت کے ہیں، جن کا فیصلہ عدالتوں کے ذریعے ہوگا، نہ کہ مذاکراتی کمیٹی کے ذریعے، عدلیہ آزاد ہے، پی ٹی آئی کے بانی سنگین نوعیت کے کرپشن کیسز میں جیل میں ہیں اور ان کے تمام کیسز میں فیصلے عدلیہ ہی کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے، جیسا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت سمیت وہ خود بھی عدالتوں میں پیش ہوئے اور ٹرائل کے بعد بری ہوئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2018 کے عام انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کا مینڈیٹ چرانے اور آر ٹی ایس بٹھا کر اور پولنگ میں دھاندلی کے ذریعے پی ٹی آئی کے بانی کو اقتدار میں لایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ افسوس ناک بات ہے کہ پی ٹی آئی کی قیادت نے موجودہ مذاکراتی عمل کے باوجود حکومت کو دھمکیاں دینا شروع کر دی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 2014 کے بے مقصد 128 دن کے دھرنے کی طرح پی ٹی آئی کی نومبر 2024 کی احتجاجی کال بھی ناکام ثابت ہوئی کیونکہ عوام نے اس سے دوری اختیار کی، 26 نومبر کو وزیراعلیٰ کے پی نے ڈی چوک پر پی ٹی آئی کے کارکنوں کو تنہا چھوڑ دیا اور غائب ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکن یہ جاننا چاہتے ہیں کہ سخت سردی کے موسم میں انہیں کیوں اکیلا چھوڑا گیا۔ وفاقی وزیر امور کشمیر نے کہا کہ کے پی حکومت کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت تمام مالیاتی حصہ دیا گیا ہے اور فاٹا کے انضمام کے بعد اس کی ترقی اب کے پی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ امیر مقام کا کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے 2017 میں خوازہ خیلہ۔ بشام چار لین ایکسپریس وے کی منظوری دی تھی، جسے سی ڈی ڈبلیو پی نے منظور کیا ہے اور یہ 137 ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا۔

بقیہ نمبر 32

تمام شعبوں میں کام شروع ہوا۔ وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ 40 سے 45 ہزار ٹی ٹی پی کے افراد واپس پاکستان آئے اور ساتھ ہی انہوں نے سوال اٹھایا ہے کہ کس نے چائے کے پیالے پر ان کے بارڈرز کھلوائیں اور کس نے ٹی ٹی پی کے افراد کو آزاد کیا؟ نائب وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کے وزیر خارجہ اپریل میں ہماری دعوت پر پاکستان آئے، بڑی کامیاب میٹنگز ہوئیں ملٹی لیٹرل اور گلوبل ایشوز پر بات چیت ہوئی، ایران کا اعلیٰ وفد بھی پاکستان تشریف لایا، ورلڈ اکنامک فورم سعودی عرب میں ہوا، پاکستان نے ورلڈ اکنامک فورم میں شرکت کی۔ اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ 67 ارب سالانہ یوکے اور 17 ارب یورپی یونین ممالک سیریونیو آتا تھا، 84 ارب روپے سالانہ اتنے سال تک نقصان ہوا، یہ کوئی چھوٹا نقصان نہیں ہوا، کوئی اس ملک میں ہے جو احتساب کرے یا کسی سے پوچھے۔

بقیہ نمبر 33

ڈونیشنز آتے ہیں یا پارٹی کے لوگ ڈونیشن دیتے ہیں۔ شیر افضل مروت نے بتایا کہ وکلا کی فیس کی مد میں گزشتہ ایک ماہ میں 7 کروڑ روپے علی امین خان نے ادا کیے ہیں۔ پیسے آنے کا مطلب یہ نہیں کہ پیسوں پر ترس نہ کیا جائے۔ وکلا کی فیسوں کا حساب کتاب ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 34

150 سے زائد غیر قانونی کنکشنز (کنڈوں) کو کے۔ الیکٹرک کی تنصیبات سے ہٹا دیا گیا جس سے ماہانہ 1 لاکھ 10 ہزار یونٹ بجلی چوری کی جارہی تھی، کارروائی کے دوران علاقے میں سرگرم کنڈا مافیا کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کروائی گئی۔ ترجمان کے الیکٹرک کا کہنا ہے کہ غیر قانونی کنک شنز نیٹ ورک کے حفاظتی اصولوں کو نظر انداز کرتے ہیں جس سے کے الیکٹرک کے انفراسٹرکچر کو نقصان اور شہریوں کے لیے حفاظتی خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ کے الیکٹرک ترجمان کے مطابق یہ مہم بجلی کی چوری کے باعث ہونے والے نقصانات کو کم کرنے اور رہائشیوں کے لیے خطرات ختم کرکے ایک محفوظ کمیونٹی بنانے کے لیے جاتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ اس وقت کے الیکٹرک کا 70 فیصد نیٹ ورک لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ ہے جب کہ زیادہ چوری والے علاقوں میں نقصانات کم کرنے کی کوششیں جاری ہیں، بجلی کی چوری اور بلوں کی عدم ادائیگی دواہم عوامل ہیں جس کے ذریعے کسی علاقے میں لوڈشیڈنگ دورانیہ کا تعین کیا جاتا ہے، کم نقصانات والے علاقوں میں معمولی یا بالکل بھی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی جو بجلی کے ذمہ دارانہ استعمال اور بروقت ادائیگی کے فوائد کو ظاہر کرتا ہے۔ کے۔ الیکٹرک کی صارفین، کمیونٹی رہنماں اور مقامی نمائندوں سے اپیل ہے کہ وہ بجلی چوری کی حوصلہ شکنی کریں اور بلوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 35

وصولیاں ہوئیں جبکہ دسمبر 2023 میں 226.27 ارب روپے کی وصولیاں ہوئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ دسمبر 2023 کے 67 ارب روپے کے مقابلے میں دسمبر 2024 کے دوران 27 فیصد کے اضافے سے صرف کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 86 ارب روپے کی وصولیاں ہوئیں۔ جمیل ناصر کے مطابق کسٹمز فیس لیس اسسمنٹ سسٹم کے تحت اب تک 14 ہزار درآمدی گڈز ڈیکلریشن کی تیز رفتار ایسسمنٹ اور کلیرنس ہوئیں۔ جمیل ناصر نے مزید کہا کہ متعارف کردہ فیس لیس اسیسمنٹ سسٹم امپورٹرز کی سہولت اور معیشت کے استحکام کا باعث ہے۔

بقیہ نمبر 36

وکلا کی فیسوں سے کسی کو سروکار نہیں ہونا چاہئے، کسی اور کو کیا تکلیف ہے؟ عمر ایوب نے کہا کہ ایک یا دو پروفیشنل وکلا کو فیسیں دی گئیں، سلمان اکرم راجہ سمیت دیگر وکلا بغیر کسی فیس کے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور بھی آج مذاکرات میں شریک ہوں گے۔

بقیہ نمبر 37

اسلحہ ڈیلرز و مرمت کرنے والوں کے نام وایڈریس جاری کر دیے۔ جعلی اسلحہ ڈیلرز میں نیشنل رائفلز کمپنی جوہر ٹاؤن، ایم ایس موکل آرمز کمپنی بیگم کوٹ شاہدرہ، انگلش آرمز کمپنی نیلا گنبد، آٹ ڈور سپورٹس آرمز اینڈ ایمونیشن ڈیلر مزنگ چونگی، محمد اختر پرائیوٹ پاک آرمز سٹور شاہدرہ، اختر برادرز آرمز اینڈ ایمونیشن مناواں شامل ہیں۔ امین برادرز آرمز اینڈ ایمونیشن راوی روڈ، اسلے برادرز اینڈ کمپنی میکلوڈ روڈ، ایم ایس شہباز محی الدین آرمز اینڈ ایمونیشن نیلا گنبد، اومیگا انٹر پرائز زاینڈ کمپنی مین بلیوارڈ گلبرگ، محمد ضیا المصطفیٰ آرمز اینڈ ایمونیشن گجرات، الیاس اینڈ کمپنی بھمبر روڈ گجرات کو جعلی قرار دیا گیا ہے۔ جعلی اسلحہ مرمت کنندگان میں اے اے آرمز ریپئرنگ ورکشاپ مین بلیوارڈ گلبرگ، انگلش آرمز کمپنی نیلا گنبد، امین علی ظفر لوئر مال، قاسم آرمز اینڈ ایمونیشن ڈیلرز ریپئرنگ ورکشاپ جی ٹی روڈ شاہدرہ شامل ہیں۔ اسی طرح آٹ ڈور سپورٹس آرمز اینڈ ایمونیشن ڈیلر مزنگ چونگی، اسلے برادرز اینڈ کمپنی آرمز ریپئرنگ ورکشاپ میکلوڈ روڈ، محمد سفیان ریپئرنگ ورکشاپ شرقپور روڈ شیخوپورہ بھی جعلی اسلحہ مرمت کنندگان میں شامل ہیں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب کا کہنا ہے کہ ان افراد کیساتھ اسلحے کا لین دین غیر قانونی ہوگا اور ملوث افراد کیخلاف کارروائی کی جائے گی، بوگس لائسنس پر اسلحے کی فروخت اور مرمت کرنے کے سنگین جرم میں ملوث افراد قانون کے شکنجے میں آئیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بوگس اسلحہ لائسنس اور جعلی ڈیلرز کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جارہی ہے، محکمہ داخلہ پنجاب صوبہ بھر کے اسلحہ ڈیلرز و مرمت کنندگان کے دستاویزات کی جانچ کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 38

ملزمان کے خلاف 9 اپریل کو قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، ملزمان پر شادی کے معاملے پر نوجوان کو قتل کرنے کا الزام ہے، ملزمان کو گرفتار ملزمہ سلمہ کی نشاندہی پر گرفتار کیا گیا ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں میاں بیوی اور بیٹا شامل ہیں، منور علی کو قتل کر کے لاش شاہ لطیف کے علاقے میں پھینک دی گئی تھی، مقتول نوجوان کے اہلخانہ نے سلمہ نامی خاتون کو مقدمے میں نامزد کیا تھا، ملزمہ سلمہ نے انکشاف کیا کہ نوجوان کو 3 افراد کی مدد سے قتل کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 39

شزہ فاطمہ پر برہم ہوگئیں۔ وزیر مملکت آئی ٹی شزہ فاطمہ نے کہا کہ اس ملک میں دہشت گردی ہوتی ہے، ایک مہینے میں سو سے زیادہ جوان شہید ہوتے ہیں، میں مانتی ہوں کہ عوام پر بلاوجہ سرویلنس نہیں ہونی چاہیے مگر ہمیں جہاں ضرورت ہوتی ہے ہمیں وہاں سرویلنس کرنی پڑتی ہے۔ پاکستان نے پچھلے ایک مہینے میں ڈیڑھ ارب ڈالر کی ایکسپورٹ کی ہیں، اگر انٹرنیٹ بند ہے تو یہ پیسہ کہاں سے آرہا ہے؟ آپ چیئرمین پاشا کو بلائیں انہوں نے کل مجھے کہا کہ کسی انڈسٹری کو اب کوئی مسئلہ نہیں، ایشوز تھے انٹرنیٹ کے مگر اب نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسٹارلنک سے بات کر رہے ہیں کہ پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ لایا جائے، انٹرنیٹ پر کسی انڈسٹری کو کوئی ایشو نہیں ہیں، ایشو تھے جو حل ہو چکے، حکومت ترجیح بنیادی پر منصوبے بھی کر رہے ہیں۔ متحدہ کے رکن مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر تاثر درست نہیں تو اسے درست کرنا آپ ہی کا کام ہے۔ پیپلز پارٹی کی رکن شرمیلا فاروقی شزہ فاطمہ کے جوابات پر برہم ہوگئیں اور کہا کہ میں بہت مایوس ہوں چار اجلاس ہو چکے ہیں کوئی حل نہیں نکلا، یا ہم جھوٹ بول رہے ہیں یا حکومت جھوٹ بول رہی ہے، ہم تو نقصان کا نہیں بتا رہے پاشا نمبرز دے رہا ہے نقصان کے۔ انہوں نے کہا کہ میرا شوہر ای کامرس کی کمپنی چلاتا ہے اسے نقصان ہوا ہے، کیا ای کامرس والے جھوٹ بول رہے ہیں؟ کیا عوام اور ہم انٹرنیٹ کے سست ہونے پر جھوٹ بول رہے ہیں؟ تحریک انصاف کے احتجاج کی کال آتی ہے اور انٹرنیٹ فوراً بند ہوجاتا ہے، کیا ہم بے وقوف ہیں؟ جو سارے کام چھوڑ کے کمیٹی میں آتے ہیں اور یہاں کہا جاتا ہے کہ سب ٹھیک چل رہا ہے۔ شرمیلا فاروقی نے کہا کہ ہم یہاں لیکچر سننے نہیں آتے کیا یہاں بیٹھے ممبران کا انٹرنیٹ چلتا ہے؟ میرا واٹس ایپ نہیں چلتا نہ وائس نوٹ آتا جاتا ہے، کیا صرف حکومت سچ بولتی ہے؟ خدا کے واسطے سچ بولیں اگر سیکیورٹی کے ایشوز ہیں تو سچ بتائیں بیٹھ کر معاملے کا حل نکالیں سچ تو بتائیں۔

بقیہ نمبر 40

ہیں۔ ہائی بر ڈبسوں میں کچھ بیٹری پر اور کچھ سپر لیپسیٹر پر چلتی ہیں۔ پیپلز بس سروس کے منیجر عبدالشکور کے مطابق اس سال کراچی میں 40 نئی بسوں اور 4 اضافی روٹس کے ذریعے سروس کو مزید بہتر بنایا گیا ہے مگر شہر کی ضرورت 10 سے 15 ہزار بسوں کی ہے، شہری اس سہولت سے مطمئن نظر آتے ہیں۔ دوسری جانب پیپلز بس انتظامیہ کے مطابق غیر قانونی رکشہ اور چنگچی ماحول پر منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ پیپلز بس انتظامیہ کے مطابق شہریوں اور غیر قانونی رکشوں اور چنگچیوں کی موجودگی بسوں کی روانی اور معیار پر منفی اثر ڈالتی ہیں۔ بعض اطلاعات یہ بھی ہیں کہ گرین پاکستان کی دعوے دار حکومت ای وی بسوں کو کوئی رعایت نہیں دے رہی جس کی وجہ سے یہ بسیں عام بسوں سے زیادہ مہنگی پڑ رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 41

ہونے والے شخص کی شناخت 23 سالہ زاہد ولد عمرزادہ کے نام سے کی گئی، فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر پیش آیا۔ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا کے علاقے ملیر ایکسپریس وے روڈ پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہوگیا۔ زخمی ہونے والے شخص کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 28 سالہ سید رضا عباس ولد کوثر علی عباس کے نام سے کی گئی۔ فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت کرنے پر پیش آیا، علاقہ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ اقبال مارکیٹ کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ رحمت چوک کے قریب مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ زخمی ہونے والے شخص کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 45 سالہ زاہد ولد نیاز علی کے نام سے کی گئی، فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر پیش آیا، علاقہ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 42

ایس ایف کے پیشہ ورانہ مہارت کے حامل عملے نے مسافر کے سامان کی تلاشی کے دوران 1.060 کلوگرام ہیروئن برآمد کرکے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد مزید قانونی کارروائی کے لیے برآمد شدہ منشیات کے ساتھ اے این ایف حکام کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 43

8 ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق برف باری کا سلسلہ آئندہ چند روز تک وقفے وقفے سے جاری رہنے کا امکان ہے، ضلعی انتظامیہ اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ شہریوں اور سیاحوں کو پہاڑی علاقوں میں برف باری کے دوران احتیاط کرنے اور گاڑیوں کے ٹائر کو چین لگانے کی ہدایات کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 44

ساتھ ہی بھارتی نیول چیف کی جانب سے پاکستان نیوی کی صلاحیتوں میں زبردست اضافے پر تشویش ظاہر کرتی ہے کہ پاک بحریہ [illegible] جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان بحریہ نے حالیہ چند برسوں میں جدید ترین ٹیکنالوجی کے حصول میں تیزی سے ترقی کی ہے، [illegible] طغرل کلاس فریگیٹس، بابر کلاس کوروٹس اور [illegible] ہنگور کلاس آب دوزوں کی تیاری اور شمولیت پاکستان نیوی کی ترقی اور ماڈرنائزیشن پروگرام کو ظاہر کرتی ہیں۔ سال 2024 میں ایک طرف تو جدید ترین پلیٹ فارمز پاکستان نیوی کا حصہ بنے تو دوسری طرف کئی بحری جنگی مشقوں میں [illegible] صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لیے [illegible] مشقیں بھی منعقد کیں۔ سال 2024 میں 2 جنوری کو [illegible] 9 جنوری کو [illegible] میں پاک بحریہ اور پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے بحیرہ عرب میں پھنسے 9 ماہی گیروں کی جان بچائی۔ 25 جنوری 2024 کو پاک بحریہ نے سی اسپارک مشقوں کا آغاز کیا [illegible] 21 فروری 2024 [illegible] 25 مارچ کو پاک بحریہ [illegible] سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن [illegible] 14 لاپتا ماہی گیروں میں سے 10 کو [illegible] ڈھونڈ نکالا۔ 26 اپریل 2024 وہ تاریخی دن تھا، جب پاک بحریہ نے [illegible] ہنگور کلاس آبدوز کو باضابطہ طور پر لانچ کیا۔ جدید ترین ڈیزل الیکٹرک ہنگور کلاس آبدوز [illegible] خاموش قاتل کی حیثیت رکھتی ہے۔ [illegible] 2024 کو پاکستان اور امریکا نے انسپائرڈ یونین کے نام سے [illegible] مشقیں منعقد کیں جب کہ 7 جون کو پی این ایس [illegible] 17 جون کو پی این ایس بابر نے [illegible] 23 جولائی کو پاکستان بحریہ نے کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 کی کمانڈ 13 ویں بار سنبھالی۔ 26 جولائی کو پاک بحریہ نے پی این ایس [illegible] 29 اگست کو پی این ایس حنین نے رومانیہ [illegible] 18 ستمبر کو پی این ایس [illegible] 4 نومبر 2024 کو [illegible] میزائل [illegible] 350 کلومیٹر [illegible] نشانہ [illegible] اطالوی ایئر کرافٹ کیریئر ITS CAVOUR اور

فریگیٹ پر مشتمل اطالوی بحریہ کے کیریئر اسٹرائیک گروپ نے کراچی کا دورہ کیا اور پاکستان بحریہ کے ساتھ بحیرہ عرب میں مشقیں منعقد کیں۔ اکتوبر میں پاک بحریہ کے جہاز ذوالفقار نے خلیج عمان میں ایران کے 23 ماہی گیروں کو ریسکیو کیا۔ دسمبر 2024 میں پی این ایس معاون نے مشرقی افریقہ کے دورے کے دوران کینیا میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جس میں ہزاروں مریضوں میں مفت طبی سہولتیں اور ادویات مہیا کی گئیں۔ اسی طرح 11 دسمبر کو پی این ایس سیف نے عمانی بحریہ کے ساتھ مشقوں میں حصہ لیا۔ 17 دسمبر کو رومانیہ کی ڈامن شپ یارڈ کی جانب سے یرموک کلاس آف شور پیٹرول وسیلز کی سیریز کا آخری جہاز پی این ایس یمامہ پاکستان نیوی کے حوالے کیا گیا۔ سال 2024 میں پاک بحریہ نے مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر انسداد منشیات کے آپریشن کیے۔ ان آپریشنز کے دوران ضبط کی جانے والی منشیات کی عالمی منڈی میں قیمت کئی ملین ڈالرز ہیں۔

بقیہ نمبر 45

رات گئے نمائش پر دھرنا ختم ہوتے وقت پولیس اہلکاروں پر مشتعل افراد کے حملے کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مشتعل افراد نے ڈنڈوں کے وار سے پولیس افسر اور اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے باعث سب انسپکٹر عاقب، کانسٹیبل جنید تشدد سے زخمی ہوئے جنہیں سول اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ اسپتال ذرائع نے بتایا کہ زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے بعد سول اسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 46

نئے سی ای او کی تقرری پر قومی ایئرلائن کی آفیسرز ایسوسی ایشن ساسا کا ردعمل سامنے آگیا۔ جنرل سیکرٹری ساسا صفدر انجم نے کہا کہ عامر حیات کی تقرری ملکی اور قومی ایئرلائن کے قوانین کی خلاف ورزی ہے، اس خلاف ضابطہ تقرری کو ہر فورم پر چیلنج کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کو دوبارہ پی آئی اے کا سی ای او بنانے سے ملازمین میں بے چینی ہے۔ یاد رہے گذشتہ روز ایئر وائس مارشل کو پی آئی اے کا قائم مقام سی ای او مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 47

میں 100 سے زائد مقدمات کو نمٹایا جا چکا ہے، جن میں سے 97 کو مسترد جبکہ 3 کو منظور کیا گیا۔ فافن نے رپورٹ میں کہا کہ ٹریبونلز کی جانب سے معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ سال 2024 میں 16 نومبر سے 31 دسمبر کے دوران الیکشن ٹریبونلز نے 151 انتخابی عذرداریوں پر فیصلے کیے، اس کے نتیجے میں مجموعی طور پر نمٹائی جانے والی الیکشن پٹیشنز کی تعداد 101 ہوگئی جو کہ تمام دائر شدہ پٹیشنز کا 27 فیصد ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ فافن 23 ٹریبونلز میں مجموعی طور پر دائر 377 پٹیشنز میں سے 370 کی ٹریکنگ کر سکا ہے، اگرچہ ایسی پٹیشنز کو 180 دن میں نمٹانے کا قانونی تقاضا پورا نہیں کیا جا سکا، تاہم ٹریبونلز نے انہیں نمٹانے کا عمل تیز کر دیا ہے۔ فافن نے کہا کہ پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا اب بھی بلوچستان کے مقابلے میں پیچھے ہیں جہاں ٹریبونلز نے مجموعی طور پر 51 میں سے 41 پٹیشنز کا فیصلہ کردیا ہے۔ اس ضمن میں بتایا گیا کہ سندھ میں 5 ٹریبونلز نے 83 میں سے 16 اور خیبر پختونخوا میں 6 ٹریبونلز نے 42 میں سے 9 پٹیشنز پر فیصلے کیے، یہ شرح 20 فیصد ہے جبکہ پنجاب میں ٹریبونلز نے 191 میں سے 35 پٹیشنز کا فیصلہ سنایا ہے جو کہ 18 فیصد بنتا ہے۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو اب تک صوبائی اسمبلیوں کے حلقوں سے متعلق عذرداریوں میں سے ایک تہائی اور قومی اسمبلی حلقوں کی 20 فیصد عذرداریوں کو نمٹایا جا چکا ہے۔ صوبائی حلقوں سے متعلق مجموعی طور پر 78 پٹیشنز پر فیصلہ کیا جا چکا ہے، ان میں 34 بلوچستان اسمبلی کی، 25 پنجاب اسمبلی کی، 12 سندھ اسمبلی اور 7 خیبر پختونخوا اسمبلی کے حلقوں کی ہیں۔ فافن نے کہا کہ قومی اسمبلی کے حلقوں سے متعلق نمٹائی جانے والی 23 پٹیشنز میں سے 10 پنجاب سے، 7 بلوچستان، 4 سندھ اور دو خیبر پختونخوا سے تھیں۔ مجموعی طور پر نمٹائی جانے والی 101 پٹیشنز میں سے 97 کو ٹریبونلز نے مسترد کردیا

بقیہ نمبر 48

مذاکراتی کمیٹی میں شریک فریقین مذاکرات کو مثبت انداز میں چلائیں گے، میری کوشش ہے کہ ملک کو درپیش دہشتگردی، معیشت سمیت دیگر اہم ایشوز کمیٹی میں زیر غور لائے جائیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ہم سب پاکستانی ہیں، پاکستان کے مسائل کو مل کر حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے، ملک کو درپیش مسائل کو مل کر حل کرنا ہوگا، دہشت گردی اور معاشی صورتحال سے متعلق جو مسائل ہیں ان پر بھی بات کی جائے گی اور تمام مسائل کو مل کر حل کرنے کا راستہ بھی نکال لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں جہاں سلسلہ ختم ہوا وہاں سے شروع ہوا، اپوزیشن کے دوستوں نے کچھ دن کا وقت دیا ہے کہ وہ چارٹر آف ڈیمانڈ کیلئے پارٹی قیادت سے مزید ملاقات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکراتی کمیٹی کا اگلا اجلاس آئندہ ہفتے ہوگا۔ حکومتی کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ عمر ایوب نے اجلاس میں تفصیل سے گفتگو کی، پی ٹی آئی مذاکراتی ٹیم نے عمران خان اور رہنماؤں اور کارکنوں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے مذاکرات جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے، چارٹر آف ڈیمانڈ پی ٹی آئی کی جانب سے آئندہ اجلاس میں پیش کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 49

عدالت سے واپسی پر شیر بہادر کو اغوا کرکے 70 لاکھ روپے نقدی اور 90 لاکھ روپے مالیت کے زیورات کی صورت میں تاوان وصول کرنے پر مجرم قرار دیا۔ عدالت نے شہری کو حبس بے جا میں رکھنے پر 3 سال، اس کی گاڑی چوری کرنے پر 7 سال اور انسداد دہشت گردی قانون کی دفعہ 7 کے تحت اضافی عمر قید کی سزا سنائی، عدالت نے مجرمان کی جائیداد ضبط کرنے کا حکم دے دیا۔ سرکاری پراسیکیوٹر محمد رضا کے مطابق اغوا کاروں کے خلاف مقدمہ واقعے کے ڈیڑھ سال بعد سیشن کورٹ کی ہدایت پر درج کیا گیا تھا، شکایت کنندہ نے ایف آئی آر میں موقف اپنایا تھا کہ ملزم نوازش اس کے بھائی شیر بہادر کی تعمیراتی کمپنی میں 5 فیصد حصہ دار تھا، کاروباری تنازع کے بعد تعمیراتی کمپنی کے تمام [illegible] پایا تھا اور نوازش [illegible] تحریری معاہدہ [illegible]

بقیہ نمبر 50

ڈی آئی جی ٹریفک ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سعید احمد فاروق ارشد لودھی اور ایڈیشنل انسپکٹر محمود بٹ کی زیر نگرانی میں [illegible] اور ٹریفک ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن کی خصوصی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر بھر کے تمام ٹریفک افسران اور اہلکاروں کو بتدریج خصوصی ٹریننگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مطلوبہ افسران اور اہلکاروں کی کلیدی عہدوں پر تعیناتی اور پروموشن بھی ٹریننگ مکمل کرنے سے مشروط ہوگا۔

مختصر اشتہارات
نرخ 100 روپے فی سطر
اشتہارات کی بکنگ کیلئے رابطہ کریں
0310-0018168

متوجہ ہوں
کراچی کے کسی بھی علاقے میں روزنامہ ''اتفاق نیوز'' نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں
0310-0018168